Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 ہفتہ، 23 ستمبر 2022ء، 06 ربیع الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 146

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ایچ ای جنرل فیاض بن حمید الرویلی، چیف آف جنرل اسٹاف سعودی عرب نے اعلیٰ اختیاراتی فوجی وفد کے ملاقات کی

آرمی چیف کی سعودی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ سیکیورٹی امور پر تبادلہ خیال

آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں، دفاع اور سلامتی کے امور سمیت دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے ایچ ای جنرل فیاض بن حمید الرویلی، چیف آف جنرل اسٹاف سعودی عرب نے اعلیٰ اختیاراتی فوجی وفد کے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران فریقین نے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں، دفاع اور سلامتی کے امور سمیت دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا، قبل ازیں وفد نے جوائنٹ اسٹاف ہیڈکوارٹرز میں جنرل ساحر شمشاد مرزا، چیئرمین جوائنٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

صدر مملکت عارف علوی سے چیف آف جنرل سٹاف سعودی عرب ملاقات کر رہے ہیں

صدر مملکت نے ڈاکٹر امجد ثاقب کی بطور چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام تعیناتی کی منظوری دیدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ڈاکٹر امجد (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

بھارت خانہ جنگی کی طرف بڑھ رہا، عنقریب ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیگا' مقررین

عالمی برادری بھارتی دہشتگردی کا نوٹس لیکر اس پر سخت پابندیاں عائد کرے

لاہور (بیورو رپورٹ) کینیڈا میں سکھ رہنماؤں کے قتل میں بھارت کے ملوث ہونے کے ٹھوس ثبوت سامنے آ گئے ہیں، بھارت دنیا کی سب سے بڑی دہشت گرد ریاست ہے، بھارت بڑھتی ہندوتوا شدت پسندی کے باعث خانہ جنگی کی طرف بڑھ رہا ہے اور عنقریب بھارت ٹکڑے ٹکڑے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

الیکشن کمیشن نے مردم شماری 2023ء کے تناظر میں گھر گھر ووٹرز کی تصدیق کا عمل شروع کر دیا

ملکوآنہ (نمائندہ عوامی للکار) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے مردم شماری 2023ء کے تناظر میں نئے بننے والے شماریاتی بلاک کوڈز میں گھر گھر ووٹرز کی تصدیق کا عمل شروع کیا ہے جو کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

جہانگیر ترین، منزہ حسن کی آئی پی پی میں شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شالیمار ایکسپریس معمول کے مطابق چل رہی ہے' ریلوے حکام

لاہور (بیورو رپورٹ) ریلوے حکام نے کہا ہے کہ لاہور سے کراچی کے درمیان چلنے والی شالیمار ایکسپریس ٹرین بند نہیں کی گئی، شالیمار ایکسپریس کی جگہ عوام ایکسپریس کی بحالی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

نیسپاک کی سعودی عرب میں اہم کامیابی، نیوم سٹی میں انرجی سیکٹر کا منصوبہ جیت لیا

لاہور (بیورو رپورٹ) ایک اہم پیش رفت کے تحت پاکستان کی سب سے بڑی انجینئرنگ کنسلٹنسی فرم نیسپاک نے سعودی عرب میں تعمیر ہونے والے مستقبل کے شہر نیوم کے لیے انرجی سیکٹر کا پروجیکٹ حاصل کر لیا، جو ایسا کرنے والی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر6)

استحکام پاکستان پارٹی کا بڑا سرپرائز، منزہ حسن کی آئی پی پی میں شمولیت

الیکشن ناگزیر ہیں ہر حالت میں ہونے چاہئیں، ہم متحد اور منظم ہو کر بھرپور الیکشن لڑیں گے' جہانگیر خان ترین

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما سابق رکن قومی اسمبلی منزہ حسن نے استحکام پاکستان پارٹی میں باضابطہ شمولیت اختیار کر لی۔ منزہ حسن نے چیئرمین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر7)

بھارت میں اگلے ماہ شروع ہونے والے ورلڈکپ کیلئے قومی اسکواڈ کا اعلان

بابر اعظم کپتان اور شاداب خان نائب کپتان برقرار، دعا ہے ٹیم بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے، فتح یاب ہو کر آئے' انضمام الحق

درمیانی اوورز میں اسپنرز کا پرفارم کرنا بہت ضروری ہے، یہ بڑا میجر پوائنٹ ہے، ہمارے اسپنرز کو اس پر محنت کرنا پڑے گی

سلیکشن میرے پاس ہے، میں کسی کے لیے دروازے بند نہیں کر سکتا، اپنی ٹیم سے اچھی امیدیں رکھنی چاہئیں' پریس کانفرنس

لاہور (بیورو رپورٹ) بھارت میں اگلے ماہ کے پہلے ہفتے شروع ہونے والے ورلڈکپ کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کا اعلان کر دیا گیا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیف سلیکٹر انضمام الحق نے کہا کہ ہم نے اعلان کریں گے کہ کونسی ٹیم ہے، ہم نے جو لوگ سلیکٹ کیے ہیں، اللہ اس میں برکت ڈالے، اور انشاءاللہ پاکستان فتح یاب ہو کر آئے۔ انہوں نے بتایا کہ آئی سی سی کے قوانین کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر8)

لاہور: لیسکو اہلکار بجلی کے حوالے سے مہم کے دوران میٹر چیک کر رہے ہیں

لاہور میں بیٹی نے مبینہ ریپ پر فائرنگ کر کے باپ کو قتل کر دیا، ملزمہ گرفتار

ٹھوکر نیاز بیگ کے قریب جھگڑے میں مخالفین نے ایک دوسرے پر چھریاں چلا دیں، ایک شخص جاں بحق

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں گجرپورہ کرول گھاٹی کے قریب بیٹی نے فائرنگ کر کے باپ کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ باپ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

کشمیری، سکھ رہنماؤں کا بھارتی ریاستی دہشت گردی کیخلاف مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور

کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے ہردیپ سنگھ کے قتل کے بارے میں انکشافات نے پوری دنیا میں تشویش کی لہر دوڑا دی

برمنگھم (این این آئی) کشمیری اور سکھ رہنماؤں نے بھارتی ریاستی دہشت گردی کے خلاف ایک مشترکہ حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

انتخابات بارے الیکشن کمیشن کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں' جے یو آئی

انتخابات میں اگر جے یو آئی کے مینڈیٹ پر شب خون مارنے کی کوشش کی گئی تو سخت مزاحمت کرینگے

موجودہ صورتحال میں شفاف اور غیر جانبدار الیکشن ہی ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کا باعث ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

لاہور: نگراں وفاقی وزیر ریلوے شاہد اشرف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بھارت میں بڑھتی ہوئی شدت پسندی خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے، ہندوتوا کا نظریہ دنیا کو جنگ اور آگ کی لپیٹ میں لا سکتا ہے، انوار الحق

نگراں وزیراعظم

امید ہے آئندہ بجلی کے بل زیادہ نہیں آئیں گے

مقبوضہ کشمیر کے عوام مظالم کا شکار ہیں اس مسئلے کو آج عالمی سطح پر پیش کریں گے، حکومتوں سے قطع نظر مسئلہ کشمیر کے معاملے میں عالمی سطح پر اپنا موقف پیش کرتے رہنا چاہیے۔

بھارت کشمیر میں ظلم کر رہا ہے اور اب وہ کینیڈا میں بھی کارروائیاں کر رہا ہے، خالصتان تحریک کے رہنما کو بھارتی ایجنٹوں نے کینیڈا کی سرزمین پر قتل کیا، بھارت نے جو کیا اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

ہم توانائی کے شعبے میں اصلاحات لا رہے ہیں امید ہے آنے والے دنوں میں بجلی کے بل زیادہ نہیں آئیں گے، آئی پی پیز سے معاہدے ایسے ہوئے ہیں کہ بجلی بنے یا نہ بنے ادائیگی کرنی ہوگی، نیویارک میں انٹرویو

نیویارک (بیورو رپورٹ) نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ ہم توانائی کے شعبے میں اصلاحات لا رہے ہیں امید ہے آنے والے دنوں میں بجلی کے بل زیادہ نہیں آئیں گے۔ یہ بات انہوں نے نیویارک میں میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ نگراں وزیراعظم اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی اجلاس سے خطاب کرنے کے لیے وہاں پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام مظالم کا شکار ہیں اس مسئلے کو آج عالمی سطح پر پیش کریں گے، حکومتوں سے قطع نظر مسئلہ کشمیر کے معاملے میں عالمی سطح پر اپنا موقف پیش کرتے رہنا چاہیے۔ انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ بھارت کشمیر میں ظلم کر رہا ہے اور اب وہ کینیڈا میں بھی کارروائیاں کر رہا ہے، خالصتان تحریک کے رہنما کو بھارتی ایجنٹوں نے کینیڈا کی سرزمین پر قتل کیا، بھارت نے جو کیا اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بھارت میں بڑھتی ہوئی شدت پسندی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے، ہندوتوا کا نظریہ دنیا کو جنگ اور آگ کی لپیٹ میں لا سکتا ہے۔ ملک میں بجلی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

تمام سیاستدانوں کو الیکشن سے قبل حفاظتی ضمانت کرا لینی چاہیے، پرویز الٰہی

الیکشن بروقت ہونے چاہئیں کیوں کہ الیکشن نہ ہونے سے نظام رکا ہوا ہے میں الیکشن سے قبل باہر آجاؤں گا یا نہیں یہ تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے

تاہم جو حالات چل رہے ہیں تمام سیاست دانوں کو الیکشن سے قبل حفاظتی ضمانت کرا لینی چاہیے۔ صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ جیسے حالات چل رہے ہیں ان حالات میں تمام سیاست دانوں کو الیکشن سے قبل حفاظتی ضمانت کرا لینی چاہیے۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں پیشی پر کمرہ عدالت میں سماعت سے قبل صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ الیکشن بروقت ہونے چاہئیں کیوں کہ الیکشن نہ ہونے سے نظام رکا ہوا ہے میں الیکشن سے قبل باہر آجاؤں گا یا نہیں یہ تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے تاہم جو حالات چل رہے ہیں تمام سیاست دانوں کو الیکشن سے قبل حفاظتی ضمانت کرا لینی چاہیے۔ تحریک انصاف کے صدر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)

وزیراعلیٰ محسن نقوی کا ین چوان میں ننشیا میڈیکل یونیورسٹی کا دورہ

وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے شعبوں کا جائزہ، یونیورسٹی فیکلٹی ممبران اور زیر تعلیم پاکستانی طلبہ سے بھی ملاقاتیں

ننشیا میڈیکل یونیورسٹی میں میڈیکل ریسرچ پر شاندار کام ہو رہا ہے، باہمی مشاورت سے پنجاب میں میڈیکل ایجوکیشن کا معیار بلند کریں گے' محسن نقوی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے چین کے صوبہ ننشیا کے دارالحکومت ین چوان میں ننشیا میڈیکل یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ ننشیا میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور فیکلٹی کے سینئر ڈاکٹرز نے ننشیا میڈیکل یونیورسٹی میں تعلیم اور ریسرچ کے بارے میں بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے ننشیا میڈیکل یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور میڈیکل ایجوکیشن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر26)

نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کا یو ایس اے میں پاکستانی بزنس کمیونٹی کے وفد کے ساتھ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

لیگی رہنما کیپٹن (ر) صفدر کی بریت کی درخواستیں منظوری کا تحریری فیصلہ جاری

اگر گواہ پیش نہ ہو رہے ہوں تو کسی ملزم کا لامحدود وقت کے لئے ٹرائل نہیں کیا جا سکتا' فیصلہ

لاہور (این این آئی) عدالت نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) صفدر کی بریت کی درخواستیں منظور کر لیں جس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا گیا۔ لاہور کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر25)

ملک حمید ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کامیابیوں کے سفر پر گامزن

عدالت نے ملزمان کو کیس معزز عدالت نے وکیل صفائی کے مدلل دلائل سے اتفاق کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے ماہر قانون دان ملک حمید ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے مدلل دلائل سے اتفاق تھانہ مندرہ میں منشیات کے مقدمہ میں نامزد ملزم معزز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر24)

وفاقی وزیر پرائیویٹ لائزیشن فواد حسن فواد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جناح ہاؤس حملہ کیس، عدالت نے 28 ملزمان کے اشتہار جاری کر دیئے

انسداد دہشت گردی عدالت کی ایڈمن جج عبہر گل خان نے کیس پر سماعت کی

ملزمان جان بوجھ کر روپوش ہو چکے ہیں' تفتیشی افسران مزید سماعت 14 اکتوبر تک ملتوی

لاہور (این این آئی) سانحہ نو مئی کو جناح ہاس حملہ کیس میں اہم پیشرفت سامنے آ گئی، انسداد دہشت گردی عدالت نے 28 ملزمان کے اشتہار جاری کر دیئے۔ انسداد دہشت گردی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

راجہ جمشید مختیار کی اے ایس آئی سے سب انسپکٹر کے عہدے پر پرموشن

انکا تعلق گوجرخان کے علاقے چنگا میرا سے ہے حلقہ احباب کی جانب مبارکباد کا سلسلہ جاری

گوجرخان (قمر شہزاد) پنجاب پولیس کے کرائم فائٹر پولیس آفیسر اے ایس آئی راجہ جمشید مختیار کی سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی ان کو بہترین کارکردگی کی بدولت سب انسپکٹر کے عہدے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)

سکھ رہنما کا قتل کینیڈا کی تحقیقات میں بھارتی سفارت کار کے روابط موجود ہیں' رپورٹ

خفیہ اطلاعات میں وہ مواد بھی شامل ہے جس میں خود بھارتی حکام اور کینیڈا میں موجود بھارتی سفارت کار شامل ہیں، کینیڈین حکام

دونوں ممالک نے اس کے بعد سے سینئر سفارت کاروں کی بے دخلی کا اعلان کیا ہے اور اپنے شہریوں کے لیے ٹریول ایڈوائزری بھی جاری کی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیڈا کی حکومت نے سکھ علیحدگی پسند رہنما کے قتل کی کئی ماہ طویل تحقیقات میں انسانی اور سگنل انٹیلی جنس دونوں طرز کے شواہد اکٹھے کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی 'رائٹرز' کی رپورٹ کے مطابق 18 ستمبر کو غیر معمولی کشیدگی اس وقت بھڑک اٹھی جب کینیڈا کے وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ رواں برس جون میں برٹش کولمبیا میں سکھ عبادت گاہ کے باہر 45 سالہ ہردیپ سنگھ نجار کے قتل سے بھارتی حکومت کے ایجنٹوں کے ملوث ہونے کے شبہات پر تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ دونوں ممالک نے اس کے بعد سے سینئر سفارت کاروں کی بے دخلی کا اعلان کیا ہے اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

چیئرمین سینٹ سے ایتھوپیا کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان اور ایتھوپیا کے تعلقات مشترکہ تاریخ، مفادات اور بین الاقوامی فورمز پر باہمی حمایت پر مبنی ہیں، صادق سنجرانی

پاکستان اور ایتھوپیا کے درمیان پروازوں کا آغاز خوش آئند ہے، گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے پاکستان میں ایتھوپیا کے سفیر جمال بکر عبداللہ نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت تجارتی، پارلیمانی روابط کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر27)

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا چین کے شہر ژیان میں یورو-ایشیا اکنامک فورم کے دسویں اجلاس کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار)، چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا چین کے شہر ژیان میں یورو-ایشیا اکنامک فورم کے دسویں اجلاس کے موقع پر پیغام ویڈیو لنک کے ذریعے چلایا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر28)

لاہور: نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کو چین کے شہر ین چوان میں نیشا میڈیکل یونیورسٹی کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

لاہور: مزدور کام نہ ہونے کے باعث پریشان بیٹھے ہیں

پریس کلب ڈگری میں صحافی جان محمد مہر کے قاتلوں کے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) پریس کلب ڈگری میں صحافی جان محمد مہر کے قاتلوں کے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا سکھر کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

پنجاب میں عید میلاد النبیؐ پر عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے 29 ستمبر بروز جمعہ کو عید میلاد النبیؐ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)

اسسٹنٹ کمشنر و مجسٹریٹس سیکرٹریٹ کا سیکرٹریٹ

سب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں دورہ،

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر (

صدر مملکت کا چترال حملے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کے ورثا سے ٹیلی فون پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے شہدا کو وطن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

PRESIDENT
CHIEF GUEST
Y GENERAL

لاہور چیمبر آف کامرس کے صدر کاشف انور پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور میں سوئی ناردرن گیس کے ماڈل کسٹمر سروس سینٹر کا افتتاح

وزیر توانائی نے ماڈل کسٹمر سینٹر کا دورہ بھی کیا اور صارفین سے اُن کے مسائل سے متعلق دریافت کیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس کے تحت لاہور میں ماڈل کسٹمر سروس سینٹر کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ماڈل کسٹمر سینٹر کا افتتاح نگراں وفاقی وزیر برائے توانائی محمد علی نے کیا۔ وزیر توانائی نے ماڈل کسٹمر سینٹر کا دورہ بھی کیا اور صارفین سے اُن کے مسائل سے متعلق دریافت کیا۔ اس موقع (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

MR. MUHAMMAD ALI

نگراں وفاقی وزیر برائے توانائی محمد علی نے ماڈل کسٹمر سینٹر کا افتتاح کر دیا

نواز شریف کی واپسی سے متعلق پروپیگنڈا کا جلد جواب دینگے، مریم نواز

نواز شریف کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں ملکی سیاسی صورت حال اور آئندہ عام انتخابات سمیت پارٹی امور پر مشاورت کی گئی

نواز شریف کے استقبال کی تیاریاں بہت اچھی چل رہی ہیں، نواز شریف کی واپسی سے متعلق پروپیگنڈا کرنے والوں کو جلد جواب دیں گے

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) نواز شریف کی زیر صدارت لندن میں مسلم لیگ (ن) کی مرکزی قیادت کا اجلاس ہوا، جس میں سابق وزیر اعظم شہباز شریف اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں اسحاق ڈار، طلال چوہدری سلیمان شہباز سمیت اہم رہنما شریک ہوئے۔ نواز شریف کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر29)

پیپلز پارٹی نے سردار لطیف کھوسہ کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کی رکنیت معطل کر دی

سردار لطیف کھوسہ نے مدت پوری ہونے کے باوجود شوکاز نوٹس کا جواب نہیں دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیئر حسین بخاری نے سردار لطیف کھوسہ کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کی رکنیت معطل کر دی۔ جمعہ کو جاری بیان کے مطابق سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نے سردار لطیف کھوسہ کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کی رکنیت معطل کر دی۔ سیکرٹری جنرل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر30)

پیٹرولیم نرخوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھنے لگی، کم آمدن والا طبقہ شدید متاثر

اسلام آباد، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے

اشیائے ضروریہ مہنگی ہونے لگیں، جس سے کم آمدن والا طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے۔ اشیائے ضروریہ مہنگی ہونے لگیں، جس سے کم آمدن والا طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے۔ ملک میں ایک ہفتے مہنگائی کی شرح میں 25.0 فیصد کمی کے بعد اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں پھر سے اضافہ ہونا شروع ہو گیا۔ حالیہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

روات میں آپریشن کے دوران مزید 16 غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیز مسمار

آر ڈی اے نے سوشل میڈیا پر غیر قانونی ہاسنگ اسکیموں کی تشہیر روکنے کیلئے ایف آئی اے کو بھی خط لکھ دیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیز کے خلاف آپریشن کے دوران روات میں مزید 16 غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیز کو مسمار کر دیا گیا۔ ڈی جی راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے مطابق غیر قانونی ہاسنگ اسکیموں کے خلاف آپریشن شہریوں سے فراڈ اور لوٹ مار روکنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

عوام کی بے ساختہ للکار ABC
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

آئی ایم ایف کا صائب مشورہ

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے نیویارک میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے پس منظر میں اس حقیقت کی نشاندہی کی ہے کہ عالمی سطح پر وبائی امراض کے پھیلاو، موسمیاتی تبدیلیوں اور تنازعات کے بحرانوں نے ترقی پذیر ممالک کی معیشت کو تباہ کر دیا ہے۔ ایسے ممالک کو ترقیاتی اہداف کے حصول میں وسائل کی کمی کا سامنا ہے جبکہ پائیدار ترقی کے لئے یکساں مواقع ضروری ہیں۔ اس معاملے میں غریب ملکوں کے ساتھ غیر منصفانہ رویہ نہیں رکھنا چاہئے۔ ایشیائی ترقیاتی بنک نے بھی ایک رپورٹ میں ان کے خیالات کی تائید کی ہے اور پیشگوئی کی ہے کہ سیاسی عدم استحکام، ناگہانی آفات اور عالمی سطح پر قیمتوں میں اضافے سے پاکستان مشکلات کا شکار ہے۔ رواں مالی سال میں بھی بجلی، گیس پیٹرول اور ڈیزل کے بڑھتے ہوئے نرخوں سے معیشت پر دباو برقرار رہے گا۔ رواں مالی سال مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 7.5 فیصد اور ٹیکس ریونیو 10.3 فیصد کے مساوی رہنے کی توقع ہے ایسے میں اقتصادی اصلاحات پروگرام اور 2024 میں عام انتخابات سے قوم کے اعتماد میں اضافے کی توقع ہے اور سرمایہ کاری بڑھے گی جو ملکی معیشت کے لئے اچھی خبر ہے۔ لیکن مشکلات پھر بھی کم نہیں ہوں گی۔ اس لئے مالیاتی استحکام کے لئے غیر معمولی اقدامات، توانائی اور ٹیکس کے شعبے میں اصلاحات، مالیاتی پالیسی میں بہتری اور نجی سرمایہ کاری کے فروغ کی اشد ضرورت ہے۔ پچھلی حکومت نے اس مقصد کے لئے جو اقدامات کئے ان میں بین الاقوامی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف سے قرضوں کے حصول کے لئے معاہدے شامل ہیں جن پر مختلف حلقوں کی جانب سے بڑی لے دے ہوری ہے اور کہا جا رہا ہے کہ آئی ایم ایف کی کڑی شرائط مان کر ملک کو نقصان پہنچایا گیا ہے۔ جبکہ اقتصادی ماہرین کا ایک مکتب فکر اس اقدام کو ملک کی معاشی سمت درست کرنے کی جانب درست فیصلہ قرار دے رہا ہے۔ خود آئی ایم ایف کا اس سلسلے میں کیا کہنا ہے اس کی ترجمانی ادارے کی مینجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے نیویارک میں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے ملاقات کے بعد ایک گفتگو میں کی ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ پاکستان نے آئی ایم ایف پروگرام کے حوالے سے جو اقدامات کئے ہیں وہ اپنے عوام کے مفاد میں ہیں، ان اقدامات کا مقصد معیشت کی بحالی اور ماضی کی غلطیوں کو سدھارنا ہے۔ اگرچہ اس حوالے سے شکایات موجود ہیں لیکن ہم پاکستان کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان کے تمام لوگوں کو ایک سادہ سا پیغام دینا چاہتی ہوں کہ ہم پروگرام کے ذریعے صرف یہ تقاضا کر رہے ہیں کہ امیر لوگوں سے زیادہ ٹیکس وصول کریں اور پاکستان کے غریبوں کو بچائیں۔ میرا خیال ہے کہ پاکستان کے غریب لوگ بھی یہی چاہتے ہیں۔ آئی ایم ایف کا نقطہ نظر تو یہ ہے لیکن عملاً پاکستان میں ٹیکسوں اور لیویز کا جس انداز میں نفاذ ہو رہا ہے اس سے امیروں پر تو شاید ہی کوئی فرق پڑتا ہو مگر غریب بری طرح پس رہے ہیں۔ معاشی ماہرین کے مطابق امیر طبقہ محسوس اور غیر محسوس انداز میں اپنا بوجھ بالآخر غریب طبقوں پر منتقل کر دیتا ہے جبکہ غریب بے بسی سے منہ دیکھتا رہ جاتا ہے۔ بجلی کے بھاری بلوں کے خلاف عوام کے مظاہرے اس کا عملی ثبوت ہیں۔ بجلی کی چوری میں زیادہ تر صاحب ثروت طبقہ ملوث بتایا جاتا ہے اور لائن لاسز افسر شاہی کے اغماض کا نتیجہ ہے لیکن اس سے ہونے والے اربوں روپے کے نقصانات عام آدمی کے بلوں میں شامل کئے جا رہے ہیں۔ یہ ایک ادنی مثال ہے جبکہ ایسی ہزاروں مثالیں اور بھی دی جا سکتی ہیں۔ اسمگلنگ، ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف مہم کے نتیجے میں ڈالر کی قیمت کم ہونا، اشیائے خوردنی کی ذخیرہ شدہ لاکھوں بوریاں برآمد ہونا اور سینکڑوں افراد کی گرفتاریاں ایسی ہی مثالیں ہیں جنہیں سامنے رکھ کر ارباب اقتدار حالات پر قابو پا سکتے ہیں۔

جنہیں طیش میں خوفِ خدا نہ رہا!

روزنِ دیوار سے
عطاء الحق قاسمی
attaul.haq@janggroup.com.pk

کافی عرصے سے روزانہ نت نئی باتیں سننے اور دیکھنے میں آتی ہیں۔ اس حوالے سے تو ایک عجیب صورتحال سامنے آئی جس کے بارے میں سوچا بھی نہیں جا سکتا تھا۔ 9 مئی کو جس طرح ہمارے دفاعی اداروں پر حملے کئے گئے، شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی کی گئی یہ کسی نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا اور یہ کام ایک سیاسی جماعت کے کارندوں نے کیا، بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی پی ٹی آئی کی حکومت عدم اعتماد کی تحریک کے بعد جب انا اللہ ہوئی تو سینوں پر وہ تیر چلے کہ ہائے ہائے۔ اس کے بعد پکڑ دھکڑ ہوئی پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کو بھی جیل کی ہوا کھانا پڑی تو یہ ریڈ لائن کراس ہوتے ہی غیظ وغضب کی ایک ایسی لہر آئی جو کسی پاکستانی کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھی۔ جماعت کے کارکنوں اور حامیوں کی بالواسطہ طور پر سوشل میڈیا پر ایسی خبریں اور تبصرے نظر آنا شروع ہو گئے کہ لگتا تھا حاکم بدہن پاکستان ٹوٹنے والا ہے کسی انگریزی اخبار کا یہ جملہ وائرل کیا گیا کہ پاکستان کی فاتحہ کے دن قریب آ گئے ہیں۔ ہم سب لوگ ماضی میں دوسرے ملکوں کی خوشحالی کا موازنہ پاکستان کی پسماندگی کے حوالہ سے کرتے آئے ہیں لیکن اس مرتبہ انڈیا اور بنگلہ دیش کی کامیابیوں کا تذکرہ ایسے کیا گیا کہ جیسے ہم نے پاکستان بنا کر غلطی کی اور بنگلہ دیش نے الگ ہو کر اچھا کیا، ایک تصویری خاکہ بھی دیکھنے میں آیا جس میں گاندھی قائداعظم سے کہہ رہے ہیں کہ تم نے انڈیا سے الگ ہو کر کیا حاصل کیا بھوک اور پسماندگی جبکہ انڈیا ایک خوشحال ملک ہے تم نے انگریز سے نجات حاصل کرنے کی بات کی تھی اور اب ہر پاکستانی انگریزوں کے ملک میں جانا چاہتا ہے۔ حالانکہ ایسا ہر دور میں ہوتا رہا ہے صرف پاکستان نہیں انڈیا میں بھی ہر شخص کی خواہش انڈیا سے باہر سیٹل ہونے کی ہے چنانچہ بیرون ملک انڈین پاکستانیوں سے چار گنا زیادہ تعداد میں آباد ہیں مگر انڈیا اپنی شہریت چھوڑنے والوں کے پاسپورٹ کینسل کر دیتا ہے اور انہیں ویزا لیکر انڈیا آنا پڑتا ہے۔

اور اگر آپ غربت کی بات کرتے ہیں تو عام انڈین آج بھی بدتر زندگی گزار رہا ہے کلکتہ اور بمبئی میں ہزاروں لوگ فٹ پاتھ پر پیدا ہوتے ہیں، فٹ پاتھ پر جوان ہوتے ہیں ایک فٹ پاتھ سے دوسرے فٹ پاتھ پر ان کی بارات جاتی ہے اور فٹ پاتھ پر ہی ان کی ارتھی اٹھتی ہے۔ میں نے دلی کے چاندنی چوک کے علاقے میں آدھی رات کو فٹ پاتھ پر قطار اندر قطار رکشہ کھڑے دیکھے پتہ چلا کہ یہ غریب لوگ دوسرے قصبوں سے دہلی آئے ہیں اور یہاں سارا دن رکشہ چلانے کے بعد رات کو اس رکشہ میں سو جاتے ہیں اللہ جانے وہ نہانے اور رفع حاجت کیلئے کہاں جاتے ہوں گے۔ میں نے دہلی کے کناٹ پیلس میں، جو اس شہر کا سب سے پوش ایریا ہے، ایک مجبور شخص کو رفع حاجت کرتے دیکھا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ انڈیا معیشت اور ٹیکنالوجی میں ہم سے کہیں آگے نکل گیا ہے ہمیں اس پر رشک ضرور آنا چاہئے مگر اسے پاکستان پر طعنہ زنی اور اس کی بربادی کے ثبوت کے طور پر پیش کرنے کی بجائے اس ظالمانہ نظام کے خلاف جدوجہد کرنا چاہئے، یہ نہیں کہ جس شخص نے پاکستانی عوام کیلئے کچھ بھی نہیں کیا ہماری سیاسی جماعتوں کے لوٹے جمع کئے اور یوٹرن کا ریکارڈ قائم کیا اس کی گرفتاری پر اس دیس کو طعنے دینا شروع کر دیں جو ہماری آخری پناہ گاہ ہے۔ ہمارے یہ دوست تو اس حد تک چلے گئے کہ اقلیتوں کے قاتل مودی کی وہ تقریر وائرل کر دی جس میں وہ براہ راست پاکستانیوں کو ایک ہمدرد دوست بن کر مشورے دے رہا ہے۔ اوپر سے ہمارے وہ پاکستانی ہیں، جنہوں نے یورپ اور امریکہ کے پاسپورٹ لئے ہوئے ہیں اور اب پاکستان کے ڈوبنے یا ابھرنے سے انہیں کوئی فرق نہیں پڑتا، احتجاجی جلوس نکال رہے ہیں اور ایک جلوس میں میں نے انڈین جھنڈے بھی دیکھے، انہیں امریکی استعمار اور یورپ کی اس لوٹ کھسوٹ پر کوئی غصہ نہیں جنہوں نے ایک عرصے تک بہت سے ملکوں کو اپنا غلام بنائے رکھا اور اب اپنا معاشی غلام بنایا ہوا ہے بلکہ ہمارے یہ دوست اتنے محتاط ہیں کہ کسی مقامی مسئلے پر مقامی لوگ احتجاج کریں تو یہ ان سے بھی دور دور رہتے ہیں۔ بہر حال پاکستان سے محبت کے حوالہ سے مجھے ان پر کوئی شک نہیں بلکہ اندرون ملک بھی لوگ احتجاج کو منفی رنگ دے رہے ہیں وہ نادانی اور اس خوش فہمی کا شاخسانہ ہے کہ انہیں عمران کی صورت میں ایک نجات دہندہ نظر آیا مگر ایک شخص کی محبت میں منفی سوچوں کا کیا جواز ہے!

آخر میں ایک اور بات، عمران خان کے چاہنے والوں نے صرف 9 مئی پر انحصار نہیں کیا بلکہ انہوں نے سوشل میڈیا پر پاکستانی فوج کو مسلسل نشانے پر رکھا ہوا ہے مگر اس رویے کے پس منظر میں سول لبرٹی نہیں بلکہ ایک دفعہ پھر نظر کرم کی التجا پوشیدہ ہے جنرل باجوہ انہیں اقتدار میں لایا تھا جب دوسری دفعہ انہیں اقتدار میں لانا اس کے بس میں نہیں تھا تو عمران خان جس باجوہ کے قصیدے پڑھا کرتے تھے اس کے بعد اس کی تذلیل میں کوئی کسر نہ چھوڑی اور اس وقت فوج کے حوالے سے وہ سب باتیں نمک مرچ لگا کر پھیلائی جا رہی ہیں جو بعض ناقدین کہتے چلے آئے ہیں یہ کہاں کی بہادری ہے یہ کہاں کی جمہوری پاسداری ہے کوئی شرم ہوتی ہے کوئی حیا ہوتی ہے

کاش ! مسلمان بادشاہ مولانا مودودی کا مشورہ مان لیتے

تعاقب
تنویر قیصر شاہد
tanveer.qaisar@express.com.pk

44 برس قبل عالمِ اسلام کے عظیم ترین عالمِ دین مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی ستمبر کی آج ہی کی تاریخ کو اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے تھے۔ ہمیں فخر اور مان ہونا چاہیے کہ سید مودودی پاکستانی تھے۔ انھوں نے اپنے فکر و فلسفہ، تحریروں، تقریروں اور تبلیغ سے پوری دنیا میں اسلام اور پاکستان کا پرچم بلند کیا۔ پاکستان ان کی اور وہ پاکستان کی پہچان بنے۔ دنیا میں کروڑوں افراد نے ان کی تحریروں سے ایمان کی روشنی اور حرارت حاصل کی۔ حرفِ مطبوعہ کی صورت میں انھوں نے لاتعداد افراد کے قلوب میں جو لاتعداد چراغ روشن کیے تھے، ان کی نور افشانی ہنوز جاری ہے۔

مولانا مودودی مرحوم کی 44ویں برسی کے موقع پر مجھے ممتاز دانشور اور کئی وقیع کتابوں کے مصنف ومولف پروفیسر سلیم منصور خالد صاحب کا خصوصی شکریہ ادا کرنا ہے جنہوں نے مجھے محترمہ سیدہ حمیرہ مودودی کی لکھی کتاب شجر ہائے سایہ دار پڑھنے کا موقع فراہم کیا۔ قیمتی اور تاریخی یادوں پر مشتمل اس شاندار کتاب کے بیانئے سے میں نے صحیح معنوں میں لطف اٹھایا ہے۔

یہ دل آویز، دلکش و دلکشا کتاب مولانا سید مودودی صاحب علیہ رحمہ کی سب سے بڑی صاحبزادی کی تصنیف کردہ ہے۔ یوں تو یہ کتاب تقریباً ڈیڑھ عشرہ قبل اشاعت پذیر ہوگئی تھی لیکن مجھے پڑھنے کا موقع اب ملا ہے۔ محترمہ سیدہ حمیرہ مودودی انگریزی ادبیات کی استاد رہی ہیں۔ انھوں نے لاہور، جیسور (سابقہ مشرقی پاکستان اور اب بنگلہ دیش) اور سعودی عرب کے گرلز کالجز میں برسوں طالبات کو انگلش لٹریچر پڑھایا ہے۔

اپنے عظیم والد گرامی کی اجازت سے وہ جماعتِ اسلامی کی ایکٹوسٹ اور مبلغہ بھی رہی ہیں، اس لیے بہت اچھی مقررہ کے اعزاز سے متصف بھی ہیں۔ اردو، انگریزی اور عربی زبانوں سے گہری واقفیت رکھتی ہیں۔ عربی زبان پر ان کی مکمل گرفت کا اظہار ہم اس وقت دیکھتے ہیں جب وہ شجر ہائے سایہ دار میں سعودی خواتین سے مکالمہ کرتی سنائی دیتی ہیں۔

شجر ہائے سایہ دار محض مولانا سید مودودی، ان کی والدہ محترمہ اور ان کی اہلیہ محترمہ بارے سادہ سی کتاب نہیں ہے، یہ صرف مولانا مودودی کی گھریلو زندگی کا عکس نہیں ہے، اس میں ہمیں مولانا صاحب کی باطنی زندگی کی استقامت، کمٹمنٹ اور صبر کی دلگداز داستانیں ہی نہیں ملتی ہیں بلکہ اِس کتاب میں تہذیب گم گشتہ کے آثار بھی ملتے ہیں۔ یہ کتاب ہمیں بتاتی ہے کہ اگر کسی صاحبِ فکر اور عظیم کام کا بیڑہ اٹھانے والے شخص کو صابر و شاکر اہلیہ میسر آ جائے تو زندگی کس قدر اطمینان بخش، راحت رساں اور سہل ہو جاتی ہے۔ اللہ کریم نے سید مودودی کو ایسی ہی عظیم المرتبت اور پرعزیمت اہلیہ سے نوازا تھا۔ یوں میں یہ کہنے پر خود کو مجبور پاتا ہوں کہ یہ کتاب (شجر ہائے سایہ دار) ہر مسلم خاتون کے لیے پڑھنا لازم ہے۔

اِس چشم کشا تصنیف میں ہمیں کئی مقاماتِ عبرت بھی ملتے ہیں۔ مثال کے طور پر ڈکٹیٹر جنرل ایوب خان کے استحصالی دور میں جس شخص نے مولانا مودودی صاحب کو سزائے موت سنائی تھی، بعد ازاں وہی شخص حوادثِ زمانہ سے مجبور ہو کر، بعد از ریٹائرمنٹ، مولانا مودودی صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ سفارشی رقعہ عنائت فرما دیجیے تا کہ مجھے ایک عرب ملک میں ملازمت مل جائے۔ مولانا نے سفارشی رقعہ لکھ دیا اور اس شخص کو اسی رقعہ کی بنیاد پر اچھی ملازمت بھی مل گئی لیکن مولانا مودودی نے اشارتاً بھی اس شخص کو یاد نہ دلایا کہ تم وہی شخص ہو ناں جس نے مجھے سزائے موت سنائی تھی!

ایوبی آمریت کے ظالمانہ اور ذوالفقار علی بھٹو کے آزمائشی ایام میں مولانا مودودی صاحب کی، سرکاری سر پرستی میں، جس طرح کردار کشی کی کوششیں بروئے کار لائی گئیں، یہ المناک داستانیں بھی اس کتاب میں ملتی ہیں۔ ان آزمائشوں سے مولانا مودودی خود ہی نہیں گزرے بلکہ ان کی تینوں صاحبزادیاں بھی گزریں۔ صبر کی ڈھال سے مگر ان سب نے سرکاری خونخوار نیزوں، بھالوں اور تیروں سے خود کو محفوظ کیے رکھا۔ یہ سہل اور آسان کام نہ تھا مگر والدِ گرامی کی تربیت نے ساری راہیں آسان کر دیں۔ کتاب میں مندرج واقعات پڑھ کر قاری حیرت زدہ رہ جاتا ہے: یا خدایا، کس استقامت سے اس گھرانے کے ہر فرد نے مخالفین وحاسدین کے طعن وتشنیع، تبروں اور دشناموں کو برداشت کیا ہوگا ! کتاب میں یہ مقاماتِ عبرت بھی نظر آتے ہیں کہ جن خودسر اور طاقتور حاکموں (جنرل ایوب خان اور ذوالفقار علی بھٹو) نے مودودی صاحب کو راستے سے ہٹانے کی ہر ممکنہ کوشش کی تھی، حالات کے جبر نے انہیں خود مولانا صاحب کے در پر لا کھڑا کیا۔ مولانا صاحب نے نگران حاکموں کے ڈھب پر آنے سے پھر بھی انکار ہی کیا۔ زندگی بھر پاکستان میں مختلف مسالک کے علما کی جانب سے مولانا مودودی کو جس طرح کے دل شکن الزامات ودشنامات کا سامنا کرنا پڑا، اِن واقعات کی کئی جھلکیاں بھی شجر ہائے سایہ دار میں ملتی ہیں۔

کتاب میں شامل دو حیرت انگیز خواب ہمیں گہری روحانی دنیا میں لے جاتے ہیں۔ حمیرہ مودودی صاحبہ ہمیں یہ بھی بتاتی ہیں کہ جنرل ضیا الحق نے دو بار سید مودودی کی اہلیہ محترمہ کو سینیٹ کی رکنیت پیش کی تھی لیکن اہلیہ صاحبہ نے قبول کرنے سے صاف انکار کر دیا۔

مجھے علامہ محمد اسد (The Road to Mecca) ایسی معرکہ کتاب کے مصنف۔ جرمن نژاد نو مسلم۔ جنہوں نے قبولیتِ اسلام کے بعد اسلام اور عالمِ اسلام کی بے حد خدمت کی) سے خاص محبت اور انس رہا ہے۔ شجر ہائے سایہ دار پڑھ کر یہ خوشگوار حیرت بھی ہوئی کہ مولانا سید مودودی کو، قبل از تشکیلِ پاکستان، علامہ محمد اسد کی میزبانی کا اعزاز بھی نصیب ہوا۔ علامہ اسد صاحب مرحوم کو سعودی عرب کے ابتدائی فرمانرواؤں میں بڑی عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب علیہ رحمہ کی بھی مملکتِ سعودیہ بے حد تکریم کرتی تھی۔ سعودی بادشاہ، جناب شاہ فیصل شہید، نے مولانا مودودی کو سعودی عرب کی شہریت دینے اور اپنا شاہی مشیر بنانے کی پیشکش کی تھی مگر، بقول سیدہ حمیرہ مودودی، مولانا صاحب نے شکریے کے ساتھ یہ پیشکش قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

مصنفہ ہمیں بتاتی ہیں: مولانا مودودی نے سعودی فرمانروا، شاہ فیصل مرحوم، کو مشورہ دیا تھا کہ آپ کے پاس دولت کی کمی ہے نہ رقبے کی، امریکا کی طرح، آپ بھی عالمِ اسلام کے سائنسدانوں اور بہترین دماغوں کو بھاری مشاہروں پر سعودی عرب آنے کی دعوت دیجیے اور ان سب کو سعودی عرب کی شہریت اور بنیادی حقوق بھی دیجیے تو پھر آپ دیکھیں گے کہ نہ صرف سعودی عرب سائنس، ٹیکنالوجی اور تحقیق کے میدانوں میں عروج حاصل کرے گا بلکہ پورے عالمِ اسلام کو بھی عروج ملے گا۔

سعودی بادشاہ نے مگر یہ کہہ کر مولانا مودودی کا مشورہ ماننے سے انکار کر دیا کہ میں ریال کے زور پر عالمِ اسلام کے بہترین دماغ تو سعودی عرب میں اکٹھا کر لوں، انہیں شہریت اور بنیادی حقوق بھی دے دوں مگر میرے ہم وطن پھر بکریاں چراتے رہ جائیں گے اور بے نام ہو کر صحراؤں میں گم ہو جائیں گے۔ ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اگر سعودی بادشاہ، مولانا مودودی کا مشورہ مان لیتے تو آج سعودی عرب سائنس وٹیکنالوجی کے میدانوں میں کہاں کھڑا ہوتا!

پاکستان کی قومی ایئر لائن بند ہو جائے گی؟

اطہر قادر حسن

پاکستان کی قومی ایئر لائن نے کئی دہائیوں تک ایوی ایشن کی دنیا پر راج کیا، عالمی اور ملکی اہم ترین شخصیات پی آئی اے سے سفر کرنا باعث فخر سمجھتی تھیں جس ایئر لائن نے دنیا کی آج کی صف اول کی ایئر لائنوں کی بنیاد رکھی اور ان کو اپنی معاونت فراہم کی۔ آج یہ بات زبان زد عام اور چہ مگوئیاں کی جا رہی ہیں کہ کیا پی آئی اے بند ہو جائے گی؟ یہ وہ سوال ہے جس نے پاکستانی مسافروں اور عملے کو پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے، یہ پاکستانی چاہے ملک میں رہتے ہوں یا بیرون ملک۔ یہ خبریں یکا یک میڈیا کی زینت کیوں بن گئیں؟ ان کی وجوہات کیا ہیں؟ پی آئی اے زوال کا شکار کیسے ہوئی؟ ان وجوہات کی نشاندہی سے پہلے قومی ائرلائن کی چند بڑی کامیابیوں کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے۔ پی آئی اے وہ پہلی بین الاقوامی ایئر لائن تھی جس کے طیارے نے بیجنگ ایئر پورٹ پر لینڈ کیا۔ ایشیا میں جیٹ طیارے استعمال کرنے والی پہلی ایئر لائن بھی پی آئی اے ہی تھی۔ پاکستان میں کمپیوٹر متعارف کرانے کا سہرا بھی پی آئی اے کے سر ہی سجتا ہے۔ بوئنگ 777-LR کی پہلی خریدار بھی پی آئی اے ہی تھی۔ اس کے کیبن کریو کی یونیفارم پیرس سے ڈیزائن کرائی جاتی اور ڈیزائنر اسے اپنے لیے قابل فخر سمجھتے تھے۔ دنیا کے تمام براعظموں کے قابل ذکر شہروں جن کی تعداد 80 کے قریب تھی کے لیے پی آئی اے کے طیارے روزانہ کی بنیاد پر اڑان بھرتے تھے۔ اس وقت پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں پچاس طیارے شامل تھے۔ پھر کیا وجہ ہوئی بلند پرواز ایئر لائن کا فضائی آپریشن سکڑ کر 25 بین الاقوامی مقامات تک محدود ہو گیا۔ تنقید کرنا سب سے آسان کام ہے مگر اصل وجوہات تک پہنچنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ بدانتظامی، سرکاری عدم دلچسپی یا اس کی ترجیح نہ ہونا پی آئی اے کا ہمیشہ مسئلہ رہا ہے، پی آئی اے ہے نے اپنی کمائی سے پیرس اور نیویارک میں بڑے ہوٹل خریدے جو آج بھی اس کی ملکیت ہیں اور ان پر سبز ہلالی پرچم لہراتے ہیں۔ پاکستان میں ہوٹل انڈسٹری کی بنیاد بھی پی آئی اے کی مرہون منت ہے، پی آئی اے کے ملکیتی ہوٹلز کی ضیا الحق دور میں نجکاری کی گئی۔ پاکستان کی مختلف حکومتوں نے پی آئی اے کو وسعت دینے کے بجائے غیر ملکی ایئر لائنز کو پاکستان کے لیے لامحدود پروازوں کی اجازت دے دی، پی آئی اے کو نئے طیارے خریدنے کے لیے سرکاری معاونت کرنے کے بجائے جہاز کرائے پر لینے کا راستہ اپنایا گیا۔ پی آئی اے پاکستان کے شمالی مغربی علاقہ جات اور مکران کوسٹ ایریاز کے لیے بھی پروازیں آپریٹ کر رہی ہے جہاں روڈ نہیں ہیں، اگر ہیں تو انتہائی خستہ حال ہیں، یہ تمام فضائی آپریشن مکمل خسارے کا سودا ہے۔ نجی ایئر لائن بھی ان سیکٹرز کے لیے پروازیں نہیں چلاتی۔ یہ تمام تر بوجھ بطور قومی ذمے داری پی آئی اے خود برداشت کرتی ہے۔ قومی ایئر لائن کسی بھی ملک کی پہچان ہوتی ہے اور جس ملک کے ایک کروڑ سے زائد شہری بیرون ملک مقیم ہوں، اس ملک کی قومی ایئر لائن کے لیے ریونیو کا حصول کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ لیکن پی آئی اے کی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ فضائی بیڑے میں طیاروں کے اضافے کے بجائے بتدریج کمی ہوتی گئی۔ طیاروں کی عدم دستیابی کی وجہ سے دنیا کے بیشتر ممالک کے لیے فضائی سروس بند کرنا پڑ گئی، یوں خلا غیر ملکی ایئر لائنوں نے پورا کر دیا جب کہ پی آئی اے کے ذریعے جو زرمبادلہ قومی خزانے میں آتا تھا، وہ بند ہو گیا یا اس میں کمی ہو گئی۔ جن مقامات کے لیے پی آئی اے نے اپنی پروازیں بند کیں، وہاں کے لیے غیر ملکی ایئر لائنز نے اپنی پروازوں کے کرایوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا، دراصل کسی بھی ملک کی قومی ایئر لائن اس ملک کے لیے فضائی آپریشن کے کرایوں میں مسابقت میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ نجی ایئر لائنز بین الاقوامی پروازوں کی اجازت ملتی ہے تو وہ اندرون ملک پروازیں بند کر دیتی ہیں کیونکہ یہ فیزیبل نہیں ہوتی اور منافع بخش بین الاقوامی روٹس پر پروازیں شروع کر دیتی ہیں لیکن پی آئی اے بطور قومی ایئر لائن خسارے کے باوجود بھی اپنا اندرون ملک فضائی آپریشن جاری رکھتی ہے۔ اس وقت قومی ایئر لائن کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ جس کی بنیادی وجہ فضائی بیڑے میں جدید طیاروں کی شمولیت کا نہ ہونا ہے، اگر ماضی میں حکومتوں کی جانب سے طیاروں کی خریداری کے لیے بروقت فیصلے کر لیے جاتے تو یہ صورتحال نہ بنتی۔ پی آئی اے کو نئے طیاروں کی خریداری کے لیے حکومتی سپورٹ نہ مل سکی اور فضائی بیڑے میں موجود پرانے طیاروں سے ہی کام چلایا گیا۔ پرانے طیاروں کی مینٹینس کے اخراجات زیادہ ہیں لامحالہ جس کا بوجھ ادارے پر پڑتا ہے۔



دیر تک کام کرنا آپ کے لیے کتنا مہلک ثابت ہو سکتا ہے

دیر تک کام کرنا اور دائمی تناؤ سے نمٹنا کسی شخص کی صحت اور تندرستی پر دیرپا اثرات مرتب کرسکتا ہے

اس مضمون میں، ہم بتائیں گیکہ زیادہ کام کرنا صحت پر کیسے منفی اثرات ڈال سکتا ہے؟ اور آپ یہ بھی جان لیں گے کہ زیادہ کام کرنے سے مرتب ہونے والے اثرات کو کیسے روکا جائے یا ان اثرات سے نمٹنے کے لیے کیا تدابیر اختیار کی جائیں؟

محنت کرنا کامیابی کا اولین اور لازمی تقاضا ہے۔ اس کے نتیجے میں انسان نہ صرف انفرادی طور پر ترقی کرتا ہے بلکہ اجتماعی طور پر بھی آگے بڑھتا ہے کیونکہ ایک شخص کی ترقی سے معاشرے کے دیگر افراد بھی متاثر ہوتے ہیں۔ جو فرد جس قدر زیادہ ترقی کرے گا، اس کے معاشرے پر اثرات اسی قدر زیادہ ہوں گے۔ اور زیادہ سے زیادہ ترقی حاصل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ محنت کرنا لازم ہے۔ ترقی وہی اچھی ہوتی ہے جو پائیدار ہو۔ اور پائیدار ترقی کے لئے ضروری ہے کہ انسان اپنی استطاعت سے زیادہ محنت نہ کرے۔ اگرچہ ازل سے بہت سے انسان اپنی استطاعت سے زیادہ محنت کرتے رہے ہیں تاہم آج کے دور میں جب صحت کی خرابیوں کو جنم دینے والے عوامل زیادہ ہوئے، ناقص ماحول، ناقص خوراک وغیرہ، بہت زیادہ محنت صحت کیلئے نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ حالیہ عالمی وبا 'کورونا' میں جب پوری دنیا میں لاک ڈاؤن ہوا تو لوگ گھروں میں رہ کر دفتر کے لئے کام کرنے پر مجبور ہوئے۔ اس دوران میں وہ گھریلو زندگی اور کام کے درمیان حد فاصل قائم نہ رہ سکے۔ یوں وہ زیادہ کام کرتے رہے۔ ایک جائزہ کے مطابق 34 فیصد لوگوں نے اوسطاً آٹھ گھنٹے سے زیادہ کام کیا۔ جب کہ صحت کی سہولیات اور ہنگامی امداد فراہم کرنے والے اداروں کے ورکرز کو بھی زیادہ کام کرنا پڑا۔ اس کے نتیجے میں انھیں صحت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کی علامات میں تھکاوٹ محسوس کرنا، اپنے کام کے بارے میں منفی احساسات رکھنا اور پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کے معاملے میں مناسب انداز میں پرفارم نہ کرنا وغیرہ شامل ہیں۔ ان سب کیفیات کے مجموعہ کو 'برن آؤٹ' کہا جاتا ہے۔

عالمی ادارہ صحت نے 'برن آؤٹ' یا کام کی زیادتی سے نڈھال ہو جانے کی کیفیت کی نئی تشریح کی ہے۔

برن آؤٹ کیا ہے؟

برن آؤٹ کے تین عنصر ہیں۔ تھکان یا نقاہت، کام سے بددلی اور کارکردگی میں کمی۔ اس خیال کو دنیا بھر میں بہت پذیرائی حاصل ہوئی اور آج عالمی سطح پر اسے ایک مسئلہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ برن آؤٹ کا شکار لوگوں کے اعداد و شمار حاصل کرنا بہت مشکل ہے لیکن ایک اندازے کے مطابق سنہ 2018 میں برطانیہ میں تقریباً چھ لاکھ لوگ کام کی جگہ پر ہونے والے دباؤ یا 'ورک پلیس سٹریس' کا شکار ہیں۔ کھلاڑی بھی اس کیفیت کا شکار ہوتے ہیں، یوٹیوب سٹار بھی اس کا شکار ہوتے ہیں۔ بزنس مین بھی اس کا سامنا کر سکتے ہیں۔

کچھ عرصہ پہلے عالمی ادارہ صحت نے 'برن آؤٹ' کو بیماریوں کی فہرست کے عالمی ہدایت نامے میں بیماری کے طور پر تسلیم کیا۔ اس کی تعریف ایک ایسی کیفیت کے طور پر کی ہے جو کام کی دائمی یا طویل عرصے تک زیادتی کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہے اور اس کا ابھی تک کوئی کامیاب حل نہیں ڈھونڈا جا سکا۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق 'برن آؤٹ' کے تین عنصر ہوتے ہیں جن میں نقاہت یا تھکان، کام سے بیزاری اور ناقص کارکردگی شامل ہیں۔

یہ احساس کیا ہوتا ہے؟

آپ کسی طرح جان سکیں گے کہ آپ 'برن آؤٹ' کا شکار ہو گئے ہیں۔ آئرلینڈ کے شہر ڈبلن میں نفسیاتی امراض کی معالج اور 'برن آؤٹ' کے مسئلہ پر ایک کتاب کی مصنفہ شیوبان مرے کا کہنا ہے کہ برن آؤٹ کی بہت سے علامات ڈپریشن کی علامات سے ملتی جلتی ہیں۔ برن آؤٹ کا شکار ہونے کے خدشے سے دوچار لوگوں کے لیے مرے کا مشورہ ہے کہ وہ بری عادتوں کے بارے میں ہوشیار رہیں جن میں شراب نوشی اور دن گزارنے کے لیے زیادہ چینی کا استعمال شامل ہیں۔ ان کا کہنا ہے ایسے لوگوں کو تھکان کے مستقل احساس کے بارے میں خبردار رہنا چاہیے۔ اگر آپ صبح دس بجے تک سکون کی نیند سوتے ہیں اور اس کے بعد دوبارہ سونے کا وقت گننا شروع ہو جائیں یا آپ اپنے جسم میں توانائی محسوس نہ کریں تو آپ برن آؤٹ کا شکار ہو رہے ہیں۔ ڈپریشن کے لیے تو بہت سے علاج دستیاب ہیں لیکن برن آؤٹ کی کیفیت کو صرف طرز زندگی تبدیل کر کے ہی دور کیا جا سکتا ہے۔ ڈپریشن اور برن آؤٹ سے پہلے کی کیفیت تقریباً ایک جیسی ہوتی ہے۔ گو کہ حال ہی میں اس بارے میں بہت زور شور سے یہ کہا جا رہا ہے کہ برن آؤٹ کو ایک طبی حالت کے طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے لیکن ابھی اسے کام سے متعلق ہی ایک مسئلہ تصور کیا جاتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ کسی ماہر ڈاکٹر سے رجوع کریں جو کہ دونوں حالتوں، ڈپریشن اور برن آؤٹ میں امتیاز کر سکے۔ برن آؤٹ کی طرف بڑھنے کی ایک اور بڑی علامت مزاج میں تلخی ہے۔ اس بات کا احساس کہ آپ کے کام کی کوئی قدر نہیں، آپ سماجی محفلوں سے کنارہ کشی کرنے لگتے ہیں اور مایوسی طاری ہونے کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ برن آؤٹ کی آخری اور یقینی علامت نہ ختم ہونے والا احساس ہوتا ہے کہ آپ کے کام کا معیار گرتا جا رہا ہے۔ تب ایسے لوگ کہنا شروع کر دیتے ہیں کہ 'میں تو ایسا نہیں تھا، میں تو بہت کچھ کر لیتا تھا۔' ظاہر ہے کہ وہ جسمانی طور پر اپنے آپ کو پوری طرح توانا محسوس نہیں کریں گے تو معمول کی کارکردگی نہیں دکھا پائیں گے۔

برن آؤٹ سے بچنے کا اور ہمیشہ کے لیے اس سے جان چھڑانے کا ایک ہی راستہ ہے اور وہ یہ کہ اس کی جڑیں ہی ختم کر دی جائیں۔ آپ اپنی زندگی میں ایسا کیا کر رہے ہیں جن سے آپ عارضی یا مستقل طور پر جان چھڑا سکیں۔ مثال کے طور زیادہ نیند تا کہ جسمانی تھکن کو دور کیا جا سکے۔





آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 23 اور 24 ستمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

مورخہ 23 ستمبر 2023، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، NTDC 500 KVA روات گرڈ اسٹیشن پر 250 میگا واٹ کی لوڈ مینجمنٹ موسم کی صورتحال پر ضرورت کے تحت کی جائے گی۔ صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، رہاڑہ، چھٹہ بختاور، ترامڑی، لہتراڑ روڈ، وحید آباد فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کوہالہ، مورت فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، نیو ملپور، بجنیال، لکھو، چاکرہ فیڈرز، اٹک سرکل، پی ایم ہاؤسنگ کالونی، ائیر یونیورسٹی، ایچ ایم سی روڈ، ٹیکسلا، شیر شاہ سوری فیڈر، چکوال سرکل، تھرپال، سی ایس شاہ، ڈنڈوت فیڈر، جہلم سرکل، کیپٹن نثار شہید، ایکسپریس منگلہ، مدو کالس، کے ایس مائنن، شاہ سفیر فیڈرز،

مورخہ 24 ستمبر 2023، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، NTDC 500 KVA روات گرڈ اسٹیشن پر 250 میگا واٹ کی لوڈ مینجمنٹ موسم کی صورتحال پر ضرورت کے تحت کی جائے گی۔ صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، چکوال سرکل، ملہال مغلاں فیڈر، اٹک سرکل، پی ایم ہاؤسنگ کالونی، ائیر یونیورسٹی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 1

چیفس آف اسٹاف کمیٹی سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان دفاعی شعبے میں تعاون اور تربیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسی طرح سعودی آرمی چیف نے صدر مملکت عارف علوی سے بھی ملاقات کی جس میں انہوں نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تجارت، معیشت اور دفاع کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید بہتر بنانے کی خواہش کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں پاکستان میں سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے بھی شرکت کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے، سعودی عرب نے ہمیشہ مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، دونوں برادر ممالک مختلف شعبوں میں بہترین تعلقات کے حامل ہیں اور مختلف علاقائی اور بین الاقوامی امور پر یکساں خیالات رکھتے ہیں۔ صدر مملکت نے باہمی فائدے کے لیے سعودی عرب کے ساتھ دوطرفہ اقتصادی اور مالیاتی تعلقات کو بڑھانے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ پاکستان سرمایہ کاری کے لیے کوشاں ہے کیونکہ ملک میں زراعت اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ عارف علوی نے کہا کہ پاکستان نے فیصلہ سازی کو تیز کرنے اور چار اہم شعبوں میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) تشکیل دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

ہو جائیگا، مقبوضہ کشمیر میں آج بھی بھارت کی ریاستی دہشتگردی جاری ہے، عالمی برادری بھارتی دہشتگردی کا نوٹس لے اور اس پر سخت پابندیاں عائد کرے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے ایوان کارکنان تحریک پاکستان، لاہور میں منعقدہ فکری نشست بعنوان ''بھارت کی دہشتگردی عالمی سطح پر بے نقاب'' کے دوران کیا۔ اس نشست کا اہتمام ادارۂ نظریۂ پاکستان نے ادارۂ تحریک پاکستان کے اشتراک سے کیا تھا۔ کارکن تحریک پاکستان اور سینئر وائس چیئرمین ادارۂ نظریۂ پاکستان میاں فاروق الطاف نے کہا کہ بھارت دنیا کی سب سے بڑی دہشت گرد ریاست ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں پر ظلم وستم اور بھارت میں اقلیتوں سے انتہائی ناروا سلوک بھارت کی ریاستی دہشتگردی کی بدترین مثال ہے۔ بھارت ہمارا ازلی وابدی دشمن ہے اور یاد رکھیں کہ ہندو کبھی مسلمان کا دوست نہیں ہوسکتا۔ ہم نے اس دشمن کا مقابلہ کرنا اور اس سے محتاط رہنا ہے۔ بھارت کی دہشتگردی ایک مسلمہ حقیقت ہے اور عالمی برادری اس کا نوٹس لے۔ گولڈ میڈلسٹ کارکن تحریک پاکستان کرنل (ر) محمد سلیم ملک نے کہا کہ کینیڈا میں قتل ہونیوالے سکھ اپنی قوم کے لیڈرز تھے اور مجھے پورا یقین ہے کہ سکھ قوم ان کے قتل کا بدلہ بھارت سے لے گی۔ تقسیم ہند کے وقت ہندوؤں نے بڑے منظم انداز میں مسلمانوں کا قتل عام کیا۔ بھارت کا خیال تھا کہ پاکستان چھ ماہ سے زائد عرصہ تک قائم نہیں رہ سکے گا لیکن آج 76 برس بعد بھی پاکستان قائم ودائم ہے اور انشاء اللہ تاقیامت رہے گا۔ دفاعی تجزیہ کار بریگیڈیئر (ر) لیاقت علی طور نے کہا دنیا بھارت کی عالمی دہشت گردی کا نوٹس لے۔ بھارت کے عنقریب 20 سے زائد ٹکڑے ہوجائیں گے۔ بھارت نے کلبھوشن نیٹ ورک کے ذریعے پاکستان میں بھی بدامنی پھیلائی۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی ریاستی دہشتگردی جاری ہے۔ ماہر تعلیم اور دانشور پروفیسر محمد یوسف عرفان نے کہا کہ بھارت میں جی20 اجلاس کے فوری بعد کینیڈا میں سکھ رہنماؤں کا قتل بڑا معنی خیز ہے۔ یاد رکھیں یہود وہنود اور نصاریٰ سب ایک ملت ہیں۔ ہمیں ان کی سازشوں سے محتاط رہنا چاہئے۔ ہمیں اپنا آپ اور اپنے دشمن کو پہچاننا چاہئے۔ دانشور مجاہد حسین سید نے کہا کہ بھارت کا سیکولر ریاست ہونے کا بیانیہ محض فراڈ ہے، وہ ایک متعصب ہندو ریاست ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

ثاقب کی بطور چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام تعیناتی کی منظوری دے دی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق صدر مملکت نے تعیناتی کی منظوری بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ایکٹ 2010 کے سیکشن 5 تین کے تحت کی۔

بقیہ بقیہ جات 4

30 ستمبر 2023ء تک جاری ہے۔ اس سلسلے میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے گھر گھر ووٹر کی تصدیق کرنے کے لئے عملہ تعینات کیا ہے۔ عوام الناس سے گزارش کی گئی ہے کہ ان کے ساتھ تعاون کریں تاکہ یہ قومی فریضہ نہایت خوش اسلوبی سے بروقت پایہ تکمیل تک پہنچ سکے۔

بقیہ بقیہ جات 5

کا فیصلہ زیر غور ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق شالیمار ایکسپریس ٹرین کی بندش کے حوالے سے تاحال کوئی فیصلہ نہیں ہوا، شالیمار ایکسپریس معمول کے مطابق چل رہی ہے، مسافر شیڈول کے مطابق ٹکٹوں کی بکنگ کروا سکتے ہیں۔ ٹرین کی بندش کے حوالے سے اعلیٰ حکام کے فیصلے کے بعد باقاعدہ حتمی حکم نامہ جاری کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 6

پہلی پاکستانی فرم بن گئی ہے۔ اس کامیابی کے بارے میں نیسپاک کے قائم مقام مینجنگ ڈائریکٹر جناب زرغام اسحاق خان نے گزشتہ روز میڈیا کو بتایا۔ تفصیلات کے مطابق نیسپاک اس منصوبے کے تحت ہائی وولٹیج، اضافی ہائی وولٹیج اور ہائی وولٹیج ڈبل سرکٹ منصوبوں کے لیے تعمیراتی نگرانی کی خدمات فراہم کرے گی۔ یہ منصوبے سعودی الیکٹرک کمپنی نے تفویض کیے ہیں جو کہ نیوم بے، نیوم ماؤنٹین اور اس کے دیگر مقامات پر تعمیر کیے جائیں گے۔ اس منصوبے کا بجٹ 5.46 ملین سعودی ریال ہے، جو کہ 794.3 بلین پاکستانی روپے کے برابر ہے، اور یہ تین سالوں میں مکمل کیے جائیں گے۔ یہ منصوبہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے ویژن 2030 اصلاحاتی پروگرام کا ایک حصہ ہے۔ نیوم سٹی کی تعمیر کا مقصد نہ صرف ملک کی تیل پر مبنی معیشت کو متنوع بنانا ہے بلکہ معاشرے کو ان خطوط پر چلانا ہے جو جدید دنیا کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے قابل ہوسکے۔ نیوم سٹی عالمی تجارتی مرکز، شاندار سیاحتی ریزورٹس، اور پائیدار اور قابل تجدید توانائی کے ذرائع سے چلنے والا ایک جدید شہر ہوگا۔ اس منصوبے کا حصول، نیسپاک کے پیشہ ور افراد کی تکنیکی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یورپی کمپنیوں کی موجودگی میں نیسپاک کے لیے بطور ایک ایشیائی فرم یہ ایک اہم سنگ میل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

سیکرٹریٹ لاہور میں استحکام پاکستان پارٹی کے پیٹرن انچیف جہانگیر خان ترین، ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عون چوہدری، مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس میں جہانگیر ترین کی قیادت پر بھرپور اعتماد اظہار کرتے ہوئے شمولیت کا اعلان کیا۔ منزہ حسن نے کہا کہ انہوں نے قانون کی حکمرانی، عوام کی زندگی میں بہتری اور احتساب کیلئے تحریک انصاف کے ساتھ 26 سال گزارے لیکن ہم یہ وعدے پورے نہیں کر سکے، اس لئے تحریک انصاف سے راہیں جدا کیں، اب استحکام پاکستان پارٹی میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ جہانگیر ترین ملک کی ترقی کی بات کرتے ہیں، ہم نے پہلے بھی مل کر ملک کے لئے کام کیا اور اب بھی کریں گے۔ استحکام پاکستان پارٹی کے پیٹرن انچیف جہانگیر خان ترین نے کہا کہ منزہ حسن کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں، امید کرتا ہوں منزہ حسن بھرپور جذبے سے مستحکم پاکستان کے لیے کام کریں گی، جس طرح منزہ حسن جیسی خواتین استحکام پاکستان پارٹی میں شامل ہو رہی ہیں وہ خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے، اس کا مطلب ہے کہ خواتین کو استحکام پاکستان پارٹی کی صورت میں امید نظر آرہی ہے اور ان شاءاللہ ہم سب مل کے پاکستان اور اپنی عوام کے لیے محنت کریں گے۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ استحکام پاکستان پارٹی ایک نئی جماعت ہے لیکن ہماری جماعت میں قابل افراد موجود ہیں، ہم متحد اور منظم ہو کے ایک بھرپور الیکشن لڑیں گے، الیکشن ناگزیر ہیں ہر حالت میں ہونے چاہئیں، ہم چاہتے ہیں پاکستان میں پانچ سال کے لئے حکومت قائم ہو، ہمارا موقف ہے کہ نئی حلقہ بندیوں کے تحت الیکشن ہوں تا کہ عوام کو درست نمائندگی کا حق ملے۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ رویہ ایک ہونا چاہیے اگر رویہ ایک نہیں ہوگا تو جمہوریت نہیں چل سکتی اور مجھے امید ہے کہ الیکشن کمیشن سب کے ساتھ رویہ ایک ہی رکھے گی اور ہم امید کرسکتے ہیں کہ ایسا ہی ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں سیاست میں پہلی مرتبہ نہیں آیا، میرا ایک ٹریک ریکارڈ ہے اور آرگنائزیشن کا بھی تھوڑا بہت تجربہ رکھتا ہوں، ٹھیک ہے ہماری نئی جماعت ہے اور الیکشن بہت جلدی آگئے ہیں مگر بہت اچھے لوگ ہمارے ساتھ جڑے ہیں اور ہم بڑے اچھے طریقے سے منظم ہو کر بھرپور طریقے سے الیکشن لڑیں گے۔ نیب ترامیم کے حوالے سے جہانگیر ترین نے کہا کہ الیکشن ناگزیر ہیں اور ہر حال میں ہونے بھی چاہئیں اور مجھے نظر آرہے ہیں، پاکستان کی سالمیت کے لئے ضروری ہے کہ الیکشن اپنے وقت پر ہوجائیں، اس ملک میں پانچ سال کے لئے حکومت آئے جو بیٹھے اور پانچ سال پاکستان عوام کی خدمت کرنے کے لئے منصوبے بنائے تاکہ ترقی ہو۔ لیونگ پلیئنگ فیلڈ سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ابھی ہماری نئی جماعت ہے اور ہمیں لیول پلیئنگ فیلڈ سے متعلق کوئی شکایت نہیں ہے، ہم خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ سیاست میں مداخلت نہیں کرتی، ہمارا کوئی ارادہ نہیں کہ ہم کسی کی مدد کے ساتھ آئیں، ہماری جمہوری پارٹی ہے اور ہمیں اگر کسی کی مدد چاہیے تو وہ پاکستان کے عوام کی مدد چاہیے۔ چیئرمین پی ٹی آئی سے متعلق سوال کے جواب میں جہانگیر ترین نے کہا کہ یہ لمبی کہانی آجاتی ہے پھر ذاتیات کی بات آجاتی ہے، میں نے چیئرمین پی ٹی آئی کے ساتھ کام کیا کیونکہ وہ پاکستان کے لئے کام کررہے تھے، اس میں ذاتی دوستی پیچھے تھی اور زیادہ تر پاکستان کے لئے ایک نئی امید کے ساتھ آئے تھے، وہ امیدیں پوری نہیں ہوسکیں اور انشاء اللہ وہ امیدیں استحکام پاکستان پارٹی پوری کرے گی۔ تحریک انصاف کے الیکشن لڑنے سے متعلق سوال کے جواب میں جہانگیر ترین نے کہا کہ یہ ذرا مشکل سوال ہے ابھی اس کے اوپر چیزیں چل رہی ہیں، دیکھیں آگے جا کر کیا ہوتا ہے، یہ قبل از وقت ہے تاہم جہاں تک ہمارا خیال ہے تو الیکشن میں سب لوگوں کو برابر کا موقع ملنا چاہیے اس کے بعد عوام جس کو پسند کرتے ہیں اس کو آگے آنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 8

15 کھلاڑیوں کو اسکواڈ دے سکتے ہیں اور 3 ریزور کھلاڑی ہیں، جو ٹیم کے ساتھ جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ بابر اعظم (کپتان)، شاداب خان (نائب کپتان)، عبداللہ شفیق، فخر زمان، حارث رؤف، حسن علی، افتخار احمد، امام الحق، محمد نواز، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، محمد وسیم جونیئر، سلمان علی آغا، سعود شکیل، شاہین شاہ آفریدی اور اسامہ میر شامل ہیں۔ انضمام الحق نے کہا کہ جو ریزرو کھلاڑی ہیں، ان میں محمد حارث، ابرار احمد اور زمان خان شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے کوشش کی ہے کہ بہترین ٹیم کا انتخاب کریں، انشا اللہ اللہ سے دعا ہے کہ یہ ٹیم ورلڈکپ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے اور فتح یاب ہوکر آئے۔

بقیہ بقیہ جات 9

نے مبینہ طور پر بیٹی کو زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔ مقتول کا نام بلال خان تھا، پولیس نے ملزمہ کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمہ کے دعوی کی مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔ دوسری جانب ہنجروال کے علاقے ٹھوکر نیاز بیگ کے قریب جھگڑے میں مخالفین نے ایک دوسرے پر چھریاں چلا دیں۔ چھریاں لگنے سے ایک بھائی جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ فاروق اور ایوب کا کسی بات پر مخالف گروپ سے جھگڑا ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 10

مطابق دونوں برادریوں کے رہنماؤں نے برطانیہ کے شہر برمنگھم میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ بھارتی ایجنٹوں کے ہاتھوں کینیڈا میں سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کا قتل اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی ریاستی دہشت گردی کا شکار کشمیری اور سکھ بھارتی سفاکانہ کارروائیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل ترتیب دیں۔ ورلڈ سکھ پارلیمنٹ کے سپیکر جوگا سنگھ، تحریک کشمیر برطانیہ کے صدر فہیم کیانی، ورلڈ کشمیر فریڈم موومنٹ کے صدر مزمل ایوب ٹھاکر، فیڈریشن آف سکھ آرگنائزیشنز کے کوآرڈینیٹر لوشیدر سنگھ اور تحریک کشمیر برمنگھم کے چوہدری اکرام الحق نے کہا کہ کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے ہردیپ سنگھ کے قتل کے بارے میں انکشافات نے پوری دنیا میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں اور سکھ برادری نے ہمیشہ عالمی برادری کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت انسانیت کے خلاف سنگین جرائم میں ملوث ہے، اب بھارتی ایجنٹ مغربی ممالک میں بھی انتہائی سرگرم ہو گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کینیڈا کو ہردیپ سنگھ کے معاملے کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنا چاہیے کیونکہ ایسے سینکڑوں کیسز ہیں جن میں بھارت انسانیت کے خلاف سنگین جرائم میں ملوث ہے۔ کشمیری اور سکھ رہنماؤں نے کہا کہ کینیڈا کے انکشافات نے پوری دنیا میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کو بے نقاب کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دنیا بھر کی حکومتوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ بھارتی سفارت کاروں کو نکال کر اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھارت کو سزا دینے کا وقت ہے اور اگر مغربی ممالک خاموش رہتے ہیں تو اس سے ہزاروں مسلمانوں کے قاتل نریندر مودی کو اپنی مذموم پالیسی جاری رکھنے کی شہہ ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ انتخابات بارے الیکشن کمیشن کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، انتخابات میں اگر جے یوآئی کے مینڈیٹ پر شب خون مارنے کی کوشش کی گئی تو سخت مذاحمت کرینگے، موجودہ صورتحال میں شفاف اور غیر جانبدار الیکشن ہی ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام انگریز کے غلاموں کو ووٹ دینے کی بجائے محمد رسول اللہ ﷺ کے غلاموں کو ووٹ دیں ان شاء اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کے غلام ملک کو بحرانوں سے بھی نکالیں اور ملک میں امن اور خوشحالی بھی لائیں گے، جے یوآئی ملک میں اسلامی نظام کے حقیقی نفاذ کیلئے جدوجہد کررہی ہے عوام عام انتخابات میں اس دفعہ جے یوآئی کے امیدواروں پر اعتماد کرکے انہیں اسمبلیوں تک پہنچائیں ان شاء جے یوآئی کی قیادت کسی بھی قوم پر عوام کو مایوس نہیں کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 12

کے زائد بلوں کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف نے ہمارے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، ہم توانائی کے شعبے میں اصلاحات لارہے ہیں امید ہے آنے والے دنوں میں بجلی کے بل زیادہ نہیں آئیں گے، آئی پی پیز سے معاہدے ایسے ہوئے ہیں کہ بجلی بنے یا نہ بنے ادائیگی کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کررہے ہیں، معیشت کی بہتری کے لیے تمام اقدامات کررہے ہیں اور آئی ایم ایف ہمارے اقدامات سے مطمئن ہے، پسے ہوئے طبقے کی فلاح و بہبود ہماری ترجیح ہے، غریب افراد کو ریلیف دینے کے لیے صاحب ثروت افراد اپنا کردار ادا کریں۔ نگراں وزیراعظم نے مزید کہا کہ آج اقوام متحدہ کے اجلاس میں موسمیاتی تبدیلیوں اور اسلاموفوبیا کے حوالے سے بات چیت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 13

نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی سے بیک ڈور مذاکرات پر کچھ نہیں کہہ سکتا، چوہدری شجاعت سے دوبارہ ملاقات ہوگی۔ صحافی نے سوال کیا کہ بلاول کا کہنا ہے کہ شیخ رشید اور پرویز الٰہی اندر رہیں یا باہر کوئی فرق نہیں پڑتا تو پرویز الٰہی نے کہا کہ بلاول کو اپنی سالگرہ منانے دیں۔ صحافی نے سوال کیا کہ سنا ہے نواز شریف کے آنے کی تاریخ بدل رہی ہے اس پر انہوں ں ے کہا کہ نواز شریف خود بھی بدل گیا ہے۔ بعدازاں چیئرمین پی ٹی آئی کی پیشی کے موقع پر توڑ پھوڑ سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ پرویز الٰہی کو جوڈیشل ریمانڈ مکمل ہونے پر پیش کیا گیا۔ عدالت نے پرویز الٰہی کی تھانہ سی ٹی ڈی میں درج مقدمے میں ضمانت منظور کررکھی ہے۔ پرویز الٰہی کی جانب سے اہل خانہ سے ملاقات کے لیے درخواست دائر کردی گئی اس پر جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے پوچھا کہ ضمانت منظور ہوچکی ہے کیا مچلکے جمع نہیں کروائے؟ مچلکے جمع کروادیں اگر کہتے ہیں تو کیش میں کردیتا ہوں، کیا پرویز الٰہی صاحب دوسرے کیسز میں جوڈیشل ریمانڈ پر ہیں؟ وکیل سردار عبدالرازق نے کہا کہ جی اینٹی کرپشن سے متعلق مقدمے میں جوڈیشل ریمانڈ پر ہیں، ہماری طرف سے تو مچلکے جمع کروانے پر آزاد ہیں۔ اس دوران پرویز الٰہی روسٹرم پر آگئے اور کہا کہ میرا پیٹ خراب ہے، جج نے کہا اللہ خیر کرے گا؛ پرویز الٰہی نے کہا کہ میرے سیل کے باہر بھی دیوار کھڑی کردی گئی ہے، تازہ ہوا تک نہیں آتی سیل کے باہر ایک اجنبی کو بٹھایا ہوا ہے۔ جج نے استفسار کیا کہ اجنبی کون ہے کیا اس کا نام ہی اجنبی ہے؟ چلیں پتا کرتے ہیں اجنبی کون ہے۔ جج نے کہا کہ پرویز الٰہی لاہور میں درج اینٹی کرپشن کیس میں جوڈیشل ریمانڈ پر ہیں کیا اس میں ضمانت کی درخواست دائر کی ہے؟ وکیل نے جواب دیا کہ جی! اینٹی کرپشن کیس میں بھی ضمانت کی درخواست دائر کر رکھی ہے، عدالت سے استدعا ہے کوئی لمبی تاریخ دے۔ جج نے کہا کہ ہمارا کیا ہے ہم 40 دن بعد کی تاریخ دے دیتے ہیں، عدالت نے 13 اکتوبر تک سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 14

عدالت کی ایڈمن جج عبہر گل خان نے کیس پر سماعت کی۔ اس دوران تفتیشی افسران نے کہا کہ ملزمان جان بوجھ کر روپوش ہو چکے ہیں۔ استدعا ہے کہ عدالت ملزمان کے خلاف اشتہاری قرار دینے کی کاروائی کرے کیونکہ ان کے خلاف تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ درج ہے۔ عدالت نے ملزم اعجاز اسلم، مطیع اللہ، سدرہ گیلانی سمیت 28 ملزمان کے اشتہار جاری کرتے ہوئے سماعت 14 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 15

پر پروموٹ کیا گیا محکمہ میں اچھی شہرت کے حامل اعلیٰ ٹریک ریکارڈ کی بنا پر بہترین تفتیشی افسر جس بنا پر اعلیٰ افسران پیچیدہ کیسز حل کرنے کے لیے ان پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ پروموشن بورڈ کی طرف سے انکی پروموشن رپورٹ کی آئی جی پنجاب نے فوری منظوری دی، راجہ جمشید کی پروموشن پر انکے حلقہ احباب اور عزیز و اقارب میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، حلقہ احباب کثیر تعداد میں لوگ پروموشن پر مبارکباد دے رہے ہیں ان کا تعلق تحصیل گوجر خان کے گاؤں چنگا میرا یونین کونسل چنگابنگیال سے ہے

بقیہ بقیہ جات 16

اہلیہ بشریٰ بی بی کی ایف آئی اے میں طلبی کا نوٹس معطل کر دیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس بابر ستار نے درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت بشریٰ بی بی کی جانب سے سردار لطیف کھوسہ ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت عالیہ نے اس حوالے سے ایف آئی اے کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کرلیا۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے عدالت میں دائر کی گئی درخواست کے متن میں کہا گیا ہے کہ اس عدالت میں مرکزی کیس پہلے سے زیر سماعت ہے، 18 ستمبر کو عدالت نے ایف آئی اے کو قانون کے مطابق کارروائی کی ہدایت کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ اسی عدالت میں مرکزی کیس اب 30 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر ہے، کیس زیر التوا ہونے کے باوجود ایف آئی اے نے 19 ستمبر کو طلبی کا نوٹس جاری کردیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ جب تک کیس زیر التوا ہے عدالت ایف آئی اے کے نوٹس کو معطل کرے۔ واضح رہے کہ ایف آئی اے نے بشریٰ بی بی کو وائس میچنگ کے لیے آج تھانہ کوہسار میں طلب کر رکھا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 17

کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے 6 ستمبر کو اوستی پوسٹ کالاش ایریا اور جنگریٹ کوہ چترال میں حملے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوانوں کے ورثا سے ٹیلی فون پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے وطن کیلئے قربانی پر شہدا اور ان کے خاندانوں کا قوم کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔ صدر مملکت نے لانس نائیک ذوالفقار علی اور سپاہی شہزادہ اورنگزیب کے ورثا سے فون پر اظہار افسوس کیا۔ ڈاکٹر عارف علوی نے لانس نائیک شیر نواز اور لانس نائیک شاکر اللہ کے لواحقین سے بھی رابطہ کیا۔ صدر مملکت نے شہدا کے لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی اور ان کے صبر جمیل کے لئے دعا کی۔ صدر مملکت نے شہدا کیلئے بلندی درجات کی دعا کی اور وطن کیلئے ان کی خدمات کو سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 18

ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں 93.0 فیصد اضافہ ہوگیا جب کہ سالانہ بنیاد پر مہنگائی 66.38 فیصد کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی ہے، ملک میں مہنگائی سے 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ آمدن رکھنے والا طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، جس کے لیے مہنگائی کی شرح 41 فی صد رہی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کی گئی مہنگائی کی ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق حالیہ ایک ہفتے کے دوران مجموعی طور پر 22 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا اور 11 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی جب کہ 16 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیاد پر مہنگائی 99.38 فیصد ہوگئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے میں چکن 49.8، لہسن 19.5، پیاز 02.3، پیٹرول 53.8 فیصد، ڈیزل 54.5 فیصد جب کہ ماچس کی ڈبیا 42.1 فیصد مہنگی ہوئی۔ اس کے علاوہ ایک ہفتے میں ٹماٹر 11.11 فیصد، چائے کی پتی 17.0، چینی 57.3 فیصد، آلو 89.1 فیصد، آٹا 77.0 فیصد، گڑ 62.0 فیصد، سرسوں کا تیل 45.0 فیصد، دال چنا 18.0 فیصد اور ویجی ٹیبل گھی 31.0 فیصد سستا ہوا ہے۔ اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدن رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح میں 27.38 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح میں 41 فیصد، 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح میں 84.39 فیصد، 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح 60.38 فیصد رہی جب کہ 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی کی شرح 28.34 فیصد رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

کیلئے کیا جارہا ہے، غیر قانونی ہاسنگ اسکیموں کے مالکان زمینوں پر ناجائز قبضوں میں بھی ملوث ہیں۔ ڈی جی نے شہریوں کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہری ہاسنگ اسکیموں میں سرمایہ کاری سے قبل متعلقہ حکام سے رابطہ کریں۔ دوسری جانب آر ڈی اے نے سوشل میڈیا پر غیر قانونی ہاسنگ اسکیموں کی تشہیر روکنے کیلئے ایف آئی اے کو بھی خط لکھ دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے وزیر توانائی محمد علی نے کہا کہ گیس صارفین کی سہولت کے لیے سوئی ناردرن نے تمام کسٹمر سروس سینٹرز پورا ہفتہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے جس سے عوام کو سہولت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسٹمر سروس سینٹر کے معیار کو مزید بہتر بنایا گیا ہے جو خوش آئند بات ہے۔ اس موقع پر ایم ڈی سوئی ناردرن عامر طفیل نے وفاقی وزیر توانائی کو کسٹمر سروس سینٹر کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کسٹمر سروسز ڈیپارٹمنٹ کو موصول ہونے والی شکایات کی جی آئی ایس کے ذریعے خودکار مانیٹرنگ کی جاتی ہے جس کی وجہ سے شکایات کا جلد ازالہ ممکن ہوپاتا ہے۔ وفاقی وزیر نے ماڈل کسٹمر سینٹر میں فراہم کردہ سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے توقع ظاہر کی کہ ادارہ صارفین کی مشکلات کے حل کے لیے ایسے ہی اقدامات کو جاری رکھے گا۔

بقیہ بقیہ جات 21

کے موقع پر عام تعطیل کا اعلان کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 12 ربیع الاول 29 ستمبر بروز جمعہ کو عام تعطیل ہوگی۔ 12 ربیع الاول کو تمام سرکاری ادارے بند رہیں گے، 29 ستمبر کی تعطیل کا نوٹیفکیشن تمام محکموں کو ارسال کردیا گیا۔ وفاقی حکومت کے تمام اداروں اور ہفتہ، اتوار کو چھٹی کرنے والے تمام نجی اداروں اور سکولوں میں 30 ستمبر بروز ہفتہ اور اتوار یکم اکتوبر کو بھی چھٹی ہوگی۔ خیال رہے کہ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے اعلان کے مطابق ربیع الاول کا باسعادت مہینہ پیر 18 ستمبر سے شروع ہوا اور عید میلاد النبی 12 ربیع الاول 29 ستمبر کو ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 22

سینئر صحافی جان محمد مہر کے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے یونین آف جرنلسٹ سندھ کی کال پر آج مظاہرہ کا انعقاد کیا گیا ہے شہید صحافی جان محمد مہر کا آج چالیسواں ہوگیا مگر سندھ انتظامیہ نے ابھی تک انکے قاتلوں کو گرفتار نہیں کیا اس موقع پر پریس کلب ڈگری کے صدر ساجد علی نوشاد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ اس واقعہ کو سنجیدگی سے حل کرے اور قاتلوں کو گرفتار کرکے سزا دی جائے اگر ایسا نہ ہوا تو ہم دوبارہ پورے سندھ میں احتجاجی مظاہرے اور دھرنے دینگے اس موقع پر پریس کلب ڈگری کے جنرل سیکرٹری راحیل جروار، فقیر رانا مالھی، احسان جروار، حاجی جاوید قریشی، پریم کمار مشہوری، ادریس قریشی، ارباب نوحانی اور دیگر صحافیوں نے بھی سندھ پولیس کی ناکامی پر افسوس کا اظہار کیا انہوں بھی شہید صحافی کے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ انہیں گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے

بقیہ بقیہ جات 23

اپنے شہریوں کے لیے ٹریول ایڈوائزری بھی جاری کی ہے۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی حکومت نے مبینہ قتل میں ملوث ہونے کی تردید کی جبکہ بھارت سے قتل کی تحقیقات میں تعاون کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کینیڈا نے گزشتہ روز کہا کہ وہ اپنے شواہد جاری نہیں کرے گا۔ تاہم کینیڈا کے روایتی مغربی اتحادیوں نے اب تک اس معاملے میں نسبتاً محتاط رویہ اپنا رکھا ہے جس کے بارے میں تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ امریکا اور دیگر بڑے کھلاڑی بھارت کو چین کے بڑھتے ہوئے اثرورسوخ کے مقابل کے طور پر دیکھتے ہیں۔ کینیڈا کے نشریاتی ادارے 'سی بی سی نیوز' نے حکومتی عہدیدار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انٹیلی جنس میں وہ مواصلات شامل ہیں جن میں خود بھارتی حکام بشمول کینیڈا میں موجود بھارتی سفارت کار شامل ہیں۔ سی بی سی نیوز کی رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ خفیہ اطلاعات صرف کینیڈا سے نہیں آئیں بلکہ کچھ 'فائیو آئیز' اتحادیوں کی طرف سے بھی فراہم کی گئی ہیں۔ خیال رہے کہ 'فائیو آئیز' ایک انٹیلی جنس شیئرنگ نیٹ ورک ہے جس میں امریکا، برطانیہ، کینیڈا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ شامل ہیں۔ سی بی سی نیوز نے مزید کہا کہ مقتول سکھ رہنما کو اطلاعات کے مطابق کینیڈین سکیورٹی انٹیلی جنس سروس نے خبردار کیا تھا کہ ان کو خطرہ ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ پردے کے پیچھے آہستہ آہستہ سامنے آنے والے سفارتی بحران میں کینیڈین حکام کئی مواقع پر سکھ رہنما کی موت کی تحقیقات میں تعاون کے لیے بھارت جاتے رہے ہیں۔ سی بی سی نیوز نے کہا کہ کینیڈا کی قومی سلامتی اور انٹیلی جنس مشیر جوڈی تھامس اگست کے وسط میں 4 سے زائد زیادہ دنوں کے لیے بھارت میں تھیں۔ مزید کہا گیا کہ اس مہینے کا ایک اور 5 روزہ دورہ دونوں ممالک کے وزرائے اعظم کے درمیان کشیدہ ملاقات کی وجہ سے معطل ہوگیا۔ سی بی سی نے کل نیویارک میں اقوام متحدہ کی 78 ویں جنرل اسمبلی میں شرکت کے بعد کینیڈین وزیراعظم کے حوالے سے کہا کہ 'میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہاؤس آف کامنز کے فلور پر ان الزامات کو شیئر کرنے کا فیصلہ ایسے ہی نہیں کیا گیا تھا بلکہ یہ انتہائی سنجیدگی کے ساتھ کیا گیا تھا۔' دریں اثنا امریکا کے قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان نے کہا کہ امریکا اعلیٰ سطح پر بھارت کے ساتھ رابطے میں ہے اور واشنگٹن اس معاملے میں بھارت کو کوئی خصوصی چھوٹ نہیں دے رہا ہے۔ امریکا اس وقت عالمی صورت حال کے پیش نظر بھارت کے ساتھ اپنے تعلقات مضبوط کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ قبل ازیں، رواں برس امریکی صدر جو بائیڈن نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو سرکاری دورے پر وائٹ ہاؤس میں مدعو کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 24

عدالت سے باعزت بری تفصیلات کے مطابق ملزم نعمان عرف چاند پر الزام تھا کہ تھانہ مندرہ کا ایس آئی قربان علی نے مورخہ 22/4/23 کو بوقت رات پونے 12 بجے پرائیویٹ گاڑی پر 5 مرلہ سکیم ٹھنڈی سڑک موجود تھا مخبر خاص کی اطلاع پر ٹھنڈی سڑک پھاٹک کے قریب سے ملزم نعمان عرف چاند کو گرفتار کرکے ملزم سے نیلے شاپر سے دو عدد پارسل چرس برآمد کیے جن کا وزن 2 کلو ہوا ملزم کے خلاف تھانہ مندرہ میں منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ نمبر 331/23،9 تھری سی کے تحت درج کرکے ملزم کو پابند سلاسل کر دیا کیس کا ٹرائل معزز عدالت کے ایڈیشنل سیشن جج امیر افضل کی عدالت میں ہوا ملزم کی جانب سے کیس کی پیروی معروف قانون دان ملک حمید ایڈووکیٹ نے کی معزز عدالت نے ملزم کے وکیل کے ٹھوس دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے مقدمے میں نامزد ملزم کو باعزت بری کر کے رہا کرنے کے احکامات جاری کردئے۔

بقیہ بقیہ جات 25

جوڈیشل مجسٹریٹ نے 4 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ 12 ستمبر 2019ء کو کیپٹن (ر) صفدر کے خلاف عوام کو حکومت کے خلاف اکسانے کا مقدمہ درج کرکے ملزم کو گرفتار کیا، آئین شہریوں کو بنیادی حقوق فراہم کرتا ہے، بولنے اور تقریر کرنے کی آزادی آئین میں اول درجے پر ہے۔ فیصلے کے مطابق کیپٹن (ر) صفدر پر 2021ء میں فرد جرم عائد ہوئی جس کے بعد پراسیکیوشن کے گواہوں کو طلب کیا گیا تاہم آج کی تاریخ تک کوئی گواہ پیش نہیں ہوا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ اگر گواہ پیش نہ ہورہے ہوں تو کسی ملزم کا لامحدود وقت کے لئے ٹرائل نہیں کیا جاسکتا، پراسیکیوشن نے آڈیو کے شواہد جمع کرائے اور نہ ہی فرانزک کرایا۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ ایسے ٹرائل میں ملزم کو سزا کا کوئی امکان نہیں بلکہ عدالتی وقت کا ضیاع ہوگا، لہٰذا کیپٹن (ر) صفدر کی بریت کی درخواست کو منظور کیا جاتا ہے، ملزم ضمانت پر ہے لہٰذا ضمانتی مچلکے منسوخ کر کے فائل داخل دفتر کی جاتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

کے نظام کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے میڈیکل یونیورسٹی میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کے شعبے کا خصوصی جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ننشیا میڈیکل یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ننشیا میڈیکل یونیورسٹی میں زیر تعلیم پاکستانی طلبہ سے بھی ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ننشیا میڈیکل یونیورسٹی میں شعبہ طب کی تعلیم کے حوالے سے جدت پسندی کی تعریف کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میڈیکل ایجوکیشن میں جدت لانا وقت کا تقاضا ہے۔ ننشیا میڈیکل یونیورسٹی میں میڈیکل ریسرچ کے حوالے سے شاندار کام ہو رہا ہے۔ ننشیا میڈیکل یونیورسٹی کے ساتھ مل کر پنجاب میں میڈیکل ایجوکیشن کا معیار بلند کریں گے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ دورہ چین صرف وزٹ نہیں بلکہ باہمی تعاون کو تیزی رفتاری سے عوام کی بہتری کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان، ننشیا حکومت کے اعلیٰ حکام اور پاکستانی سفارت خانے کے افسران بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ بقیہ جات 27

محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ پاکستان اور ایتھوپیا کے تعلقات مشترکہ تاریخ، مفادات اور بین الاقوامی فورمز پر باہمی حمایت پر مبنی ہیں، ایتھوپیا کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی روابط کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے اور دونوں ممالک کے کاروباری افراد کے مابین رابطوں کو آسان اور بہتر بنانا چاہئے۔ ملاقات میں دوطرفہ تجارتی حجم کو بڑھانے پر بھی زور دیا گیا۔ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ پاکستان اور ایتھوپیا کے درمیان پروازوں کا آغاز خوش آئند ہے، کراچی سے ایتھوپین ائیرلائن کی پروازیں شروع کرنا مثبت اقدام ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے ایتھوپیا کی حکومت کا اس اقدام پر شکریہ ادا کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ اس فضائی سروس سے پورے افریقہ کے ساتھ رابطہ کاری میں مدد ملے گی اور دونوں ممالک کے درمیان پروازوں کی بحالی سے تجارت اور سیاحت کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ ملاقات میں چیئرمین سینیٹ نے ایتھوپیا کے ساتھ تعلیمی شعبے میں تعاون اور عوامی روابط کو مزید بڑھانے پر بھی زور دیا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ دنیا میں اسلاموفوبیا کے تدارک، بین المذاہب ہم آہنگی اور باہمی احترام کو فروغ دینا چاہئے۔ ایتھوپیا، پاکستان کی انگیج افریقہ پالیسی کی تحت انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ایتھوپیا کے سفیر نے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کو ایتھوپیا کی پارلیمنٹ کی قیادت کی جانب سے ایتھوپیا کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔ چیئرمین سینیٹ نے ایتھوپیا کی پارلیمانی قیادت، حکومت اور سفیر کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلوں سے تعلقات کو مزید فروغ ملے گا۔ ایتھوپیا کے سفیر جمال بکر عبداللہ نے کہا کہ افریقی ممالک کا گیٹ وے ہونے کی وجہ سے پاکستانی سرمایہ کار فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ تجارتی روابط مستحکم کرنے اور دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے حوالے سے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 28

گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ یورو۔ایشیا اکنامک فورم کے دسویں اجلاس پر برادر ملک چین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس طرح کے فورمز تعاون کے نئے مواقع فراہم کرنے کا اہم ذریعہ ہیں۔ علاقائی اقتصادی تعاون ایک مخصوص جغرافیائی علاقے کے اندر ممالک کیلئے معاشی ترقی، استحکام اور خوشحالی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ چیئرمین سینیٹ کا ویڈیو پیغام میں مزید کہنا تھا کہ چین ۔پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ان فوائد کا ثبوت ہے جو علاقائی اقتصادی تعاون سے حاصل ہوتے ہیں۔ سی پیک سے نہ صرف علاقائی انضمام اور مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوئی ہے بلکہ اقتصادی استحکام، انسانی ترقی، ماحولیاتی تغیرات، ثقافتی تبادلے اور سیاسی تعاون اور امن کے فروغ میں بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے ویڈیو پیغام میں کہا کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل مطلوبہ مقاصد کے حصول کیلئے ناگزیر ہے۔ ہمیں تجارتی روابط، آزاد تجارتی معاہدے اور پائیدار ترقی کیلئے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور اختراعات کے حصول میں تعاون پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ محمد صادق سنجرانی نے ویڈیو پیغام میں کہا کہ اس سے نہ صرف ہماری معیشتوں کو فروغ حاصل ہوگا بلکہ نالج شیئرنگ اور ٹیکنالوجی کی منتقلی میں بھی معاونت ملے گی۔ ہمیں ایسی معاشی پالیسیاں اپنانی چاہئے جو ماحول دوست ہوں۔ پاکستان اس وقت موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے سب سے زیادہ متاثرہ ہونے والے دس ممالک میں شامل ہے جبکہ گرین ہاؤس گیسز میں پاکستان کا حصہ 1 فیصد سے بھی کم ہے۔ ہمیں اجتماعی طور پر اپنے اقتصادی اہداف کے حصول پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ چیئرمین سینیٹ نے ویڈیو پیغام میں عوامی جمہوریہ چین، شانزی صوبے کی عوام اور حکومت، اور ژیان میونسپل اور حکومت کو اس اہم تقریب کی میزبانی پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ یہ فورم ہمارے ممالک اور خطے کی ترقی کیلئے مل کر کام کرنے کے ہمارے عزم کو آگے بڑھانے میں مدد دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 29

میں ملکی سیاسی صورت حال اور آئندہ عام انتخابات سمیت پارٹی امور پر مشاورت کی گئی جبکہ نواز شریف کی وطن واپسی اور انتظامات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ قبل ازیں شہباز شریف نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف نے حکم دیا تو لندن چلا آیا، اُن کی وطن واپسی کی تاریخ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ شہباز شریف نے کہا کہ میں گوجرانوالہ گیا اور نہ ہی کوئی ملاقات ہوئی، نواز شریف کا وطن واپسی پر بھرپور انداز سے استقبال کریں گے۔ دوسری جانب مریم نواز نے کہا کہ نواز شریف کے استقبال کی تیاریاں بہت اچھی چل رہی ہیں، نواز شریف کی واپسی سے متعلق پروپیگنڈا کرنے والوں کو جلد جواب دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 30

پیپلز پارٹی سید نیئر حسین بخاری نے ایک ہفتہ قبل سردار لطیف کھوسہ کو شوکاز نوٹس جاری کیا تھا، سردار لطیف کھوسہ نے مدت پوری ہونے کے باوجود شوکاز نوٹس کا جواب نہیں دیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

ہیریٹیج ہے، پاکستان کے وفاقی دارالحکومت کو بدھسٹ اکثریتی ممالک کے دارالحکومتوں سے بذریعہ فضائی راستہ منسلک کرنے سے عالمی سیاحوں کی بڑی تعداد ملک بھر میں موجود گندھارا مقامات کی یاترا کرسکے گی۔ غیر ملکی سیاحوں کے وفد نے گندھارا آرٹ کی ترویج وترقی میں بھی خصوصی دلچسپی لی، اس موقع پر قطر میں مقیم جاپانی یوٹیوبر اور سرجن ڈاکٹر ٹاکا ہیرو اوٹو نے کہا کہ انہوں نے اپنے حالیہ دورہ پاکستان کے دوران پشاور، ٹیکسلا سمیت مختلف مقامات کی بھرپور عکاسی کی ہے، وہ پاکستانی عوام کی مہمان نوازی اور خلوص سے بہت متاثر ہیں۔ اس موقع پر قطری سیاح نے اس امر کی تائید کی کہ گندھارا کا سینکڑوں سال قدیم ورثہ تاریخ میں دلچسپی رکھنے والے ہر انسان کیلئے پرکشش ہے، گندھارا کوریڈور کا قیام بین المذاہب ہم آہنگی اور مختلف اقوام کو قریب لانے کا باعث بن سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

مبارکہ ہی پوری انسانیت کے لیے کامل نمونہ اور مکمل رہنماء ہے، ہر طبقے کے افراد اور خصوصی طور پر نوجوان طبقہ سیرت مصطفی ﷺ کو اپنے عمل اور مطالعہ کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ نبی پاک ﷺ کی سیرت طیبہ ایسی جامع اور مکمل ہے جس میں بنی نوع انسان کے لئے ہر شعبہ حیات میں ہدایت و رہنمائی موجود ہے۔ آپ ﷺ پوری انسانیت کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہیں، آیئے ہم تجدید عہد کریں کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت کے مقدس مہینہ میں محبتوں کو فروغ دیکر فاصلوں اور نفرتوں کو ختم کریں، اس آفاقی پیغام کو ہر گھر گھر پہنچائیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

بھی کسی اور ڈرامے کے ذریعے اقتدار سے نکالا گیا تاہم نواز شریف نے نو سال کے تین ادوار میں بھی پاکستان کی مثالی خدمت کی، نواز شریف نے نو سال میں کراچی سے خیبر تک، سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبرپختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر تک خدمت کی۔ نواز شریف کو اقامہ پر نکالنے کے بعد ملک آج تک نہیں سنبھل سکا۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ میں بڑھتی ہوئی مقبولیت سے مخالف سیاستدان بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکے ہیں جن جماعتوں کو اپنے گھر والے ووٹ دینے کیلئے تیار نہیں ہیں وہ آج (ن) پر تنقید کرکے اپنی قد بڑھانے کی ناکام کوشش کررہے ہیں ان شاء اللہ عام انتخابات میں عوام انہیں آئینہ دکھادیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 34

جانب سے این اوسیز جاری ہونے کی رپورٹ مرتب کرنے کی بھی ہدایت کی۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ مجموعی طور پر بجلی چوروں کیخلاف ایف آئی آرز کے مطابق گرفتاریاں کم ہیں۔ فوری گرفتاریاں کی جائیں۔ لاہور سمیت پوری ڈویژن میں بجلی چوری کیخلاف سخت ترین آپریشن جاری ہے۔ بجلی چوری اور نادہندگان کیخلاف استغاثوں پر ایف آئی آرز فوری طور پر درج ہورہی ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ لیسکو کی نادہندہ 22 سب ڈویژنز اور 830 فیڈرز میں کسی کو رعایت نہیں ملے گی۔ بل نادہندگی اور بجلی چوری کیخلاف ایکشن کے پہلے مرحلے میں بڑے مگرمچھوں کو پکڑا جارہا ہے۔ بجلی چوری میں ملوث کسی فرد کو رعایت نہیں۔ ملوث ملازمین پر بھی ایف آئی آر درج ہوگی۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت بجلی چوری کیخلاف ایکشن کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی سی لاہور رافعہ حیدر، ایڈیشنل کمشنر اشتمالیات حامد ملہی، ایڈیشنل کمشنر ریونیو عثمان غنی، چیف انجینئر لیسکو اعجاز احمد و پولیس افسران نے شرکت کی جبکہ ویڈیو لنک کے ذریعے ڈی سیز اور ڈی پی اوز نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 35

شیئر کرتے ہوئے بتایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 36

کی جارہی ہے۔ مقدمہ سپروائزر سیف سٹی کی مدعیت میں درج کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

گریڈ 07 سے گریڈ 12 میں، اسسٹنٹ سپروائزر کی 50 آسامیوں کو گریڈ 07 سے 09 میں جبکہ جونیئر سپروائزر کی 20 پوسٹوں کو گریڈ 05 سے 07 میں اپ گریڈ کر دیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے مطابق اپ گریڈیشن سے سی ٹی ڈی افسران کی تنخواہوں میں اضافہ، کیریئر گروتھ کی راہ ہموار ہوگی، سی ٹی ڈی افسران مرحلہ وار ترقی کی منازل اب زیادہ تیزی سے طے کرسکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 38

بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (76 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 598 ڈرائیوز، 42 کم عمر ڈرائیور، 502 مسافر اور 167 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 289 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی درالحکومت 292 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 85 حادثات میں 85 متاثرین کے ساتھ دوسرے ملتان 67 حادثات میں 68 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1267 متاثرین میں 1019 مرد اور 248 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 172 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم اور 692 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 403 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1023 موٹر سائیکلز، 76 آٹو رکشے، 108 کاریں، 28 وین 06 مسافر بسیں، 29 ٹرک اور 129 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

مولانا محمد ابوبکر، مولانا زبیر، قاری عبدالرحمان، قاری معین اجمل، مولانا صہیب سمیت سنی علماء کونسل کے دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت سے دین اسلام مکمل ہوا آپ کے بتائے راستوں پر چل کر ہی دنیا اور آخرت میں کامیابی یقینی بنائی جاسکتی ہے، ولادت باسعادت ﷺ کی حقیقی خوشیاں منانے کے لئے آپ کی دی گئی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ حضرت محمد ﷺ کی شان سب سے اعلیٰ اور بالا ہے آپ کا تذکرہ خیر قیامت تک ہوتا رہے گا آپ کا ذکر خیر بھی عبادت ہے آپ کا تذکرہ آپ سے محبت کی نشانی ہے آپ سے محبت ایمان کا حصہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

اور اجناس کا غیر قانونی اسٹاک برآمد کیے جانے کے باوجود کراچی میں آٹا دال چینی مہنگے داموں فروخت کیے جارہے ہیں۔ چکی آٹا 170، فائن آٹا 160، چینی 170، چنے کی دال 240، سفید چنا 400، کوکنگ آئل 530، گھی 500 روپے کلو فروخت ہورہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

یاسین ملک کو ڈیتھ سیل میں رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی تنظیم آر ایس ایس ایک دہشت گرد تنظیم ہے، جو پوری دنیا میں سکھوں اور کشمیریوں کا قتل عام کررہی ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ ہندوستان کے اندر گرجا گھروں، مساجد اور گوردواروں کو شہید کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کے اقدامات جاری ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ پراجیکٹ بیسڈ ایجوکیشن سسٹم ڈی پی ایس میں متعارف کرایا جائیگا۔ ٹیچرز ٹریننگ پروگرام کامیاب رہا ہے۔ ٹیچنگ طریقہ کار کو جدت ملے گی۔ ڈی پی ایس میں 5 کھیل کے میدان ہیں۔ سپورٹس ٹیچرز کی کمی کو پورا کرینگے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ لاہور سطح کی بہترین سپورٹس اکیڈمی ڈی پی ایس میں قائم کی جارہی ہے۔ ڈی پی ایس کو سولر انرجی پر منتقل کیا جارہا ہے۔ اخراجات میں کمی ہوگی۔ ڈی پی ایس لاہور کا بہترین ادارہ ہے۔ نصابی اور ہم نصابی معیار مزید بہتر کررہے ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ ڈی پی ایس کی بہتری کیلئے تمام سینئر فیکلٹی و اساتذہ مشاورت میں یکساں شریک ہیں۔ اکیڈیمک کمیٹی BOG سے بہترین ٹیچرز کی حوصلہ افزائی کیلئے بھی سفارشات طلب کی ہیں۔ کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت اجلاس میں ڈی پی ایس کے تمام اراکین نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 43

برآمدات کا حجم 981395 میٹرک ٹن ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 329157 میٹرک ٹن تھا۔ اگست میں سیمنٹ کی برآمدات میں ماہانہ بنیاد پر 74.102 فیصد نمو ہوئی۔ اگست میں سیمنٹ کی برآمدات کا حجم 49.23 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال اگست میں 58.11 ملین ڈالر تھا۔

بقیہ بقیہ جات 44

پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی حالیہ محاذ آرائی کو ختم ہونا چاہیے، سیاسی محاذ آرائی پر نواز شریف سے بھی بات کروں گا۔ ذرائع کے مطابق آصف زرداری نے کہا کہ ہماری طرف سے کسی قسم کی محاذ آرائی نہیں کی جارہی، ہم آئین کے مطابق اور زمینی حقائق سامنے رکھ کر بات کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، کینسر جیسی غیر متعدی بیماریوں کی روک تھام اور کنٹرول (ترمیمی) کے لئے 2 ارب 19 کروڑ 40 لاکھ 54 ہزار روپے، ایچ آئی وی/ایڈز کنٹرول پروگرام پنجاب (فیز II ترمیمی) کیلئے 5 ارب 33 کروڑ 72 لاکھ 97 ہزار روپے، وزیراعلیٰ پست قد پروگرام ترمیمی) کیلئے 5 ارب 27 کروڑ 98 لاکھ 41 ہزار روپے اور وزیراعظم صحت پروگرام (ترمیمی) کیلئے 4 ارب 60 کروڑ 48 لاکھ 59 ہزار روپے شامل ہیں۔ اجلاس میں سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ نادر چٹھہ سمیت چیف اکانومسٹ پی اینڈ ڈی، محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 46

جبکہ وزیر ریلوے نے گاڑیوں سے مال اتارنے کے مقامات بڑھانے کے لئے رپورٹ طلب کر لی۔ اجلاس میں ریلوے کے زیر انتظام ہسپتالوں کی خدمات آؤٹ سورس کرنے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں ریلوے کے تمام ہسپتال مرحلہ وار عام عوام کے لیے کھولنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ لاہور ریلوے اسٹیشن کی تزئین وآرائش کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 47

تھے، تمام کنکشنز منقطع کر کے 13 لاکھ 73 ہزار 599 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے ہیں جن کی مالیت 6 کروڑ 40 لاکھ 65 ہزار 149 روپے بنتی ہے۔ ترجمان کے مطابق بجلی چوروں کے خلاف کئے جانے والے آپریشن میں بڑے زرعی اور کمرشل صارفین بھی بجلی چوری میں ملوث پائے گئے۔ ان تمام کے کنکشنز بھی منقطع کئے گئے اور ان کو ڈیٹیکشن یونٹس چارج کئے گئے۔ کرول گھاٹی دیوان فوڈ کنکشن کو 000,115 یونٹس پر 000,830,4 روپے، ہڈیارہ میں کنکشن کو 753,54 یونٹس پر 084,533,1 روپے، اوکاڑہ میں بجلی چوری کنکشن کو پکڑے جانے پر 000,15 یونٹس پر 000,480 روپے، شاہدرہ میں کنکشن کو 628,2 یونٹس پر 000,300,1 روپے، فیروزوالا میں کنکشن کو 000,23 یونٹس پر 000,200,1 کی رقم چارج کی گئی۔ لیسکو ریجن میں آپریشن کے دوران کل 7172 کنکشن چیک کئے گئے، 6525 کنکشن کے خلاف ایف آئی آر کی درخواستیں جمع کروائی گئیں جن میں سے 5478 درخواستیں رجسٹرڈ ہو چکی ہیں جبکہ کل 443 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق بجلی چوروں کو اب تک ایک کروڑ 59 لاکھ 39 ہزار 64 یونٹس چارج کئے گئے ہیں جن کی رقم 69 کروڑ 42 لاکھ 30 ہزار 600 روپے بنتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

بچی پیدا ہوئی جہاں اُس کی حالت بگڑنے پر اُس کے اہل خانہ اسے 18 ستمبر کو لاہور جنرل ہسپتال لے آئے جہاں 22 ستمبر جمعۃ المبارک کی صبح واش روم جانے کے بہانے کھڑکی سے چھلانگ لگادی۔ اس افسوسناک واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈاکٹرز اور متعلقہ عملہ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے اور مذکورہ خاتون کو تشویشناک حالت میں پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنسز کی ایمرجنسی میں داخل کروادیا گیا۔ حقائق کے مطابق اس خاتون کو 18 ستمبر کو جنرل ہسپتال کے لیبر روم میں لایا گیا تھا جہاں ڈاکٹرز نے اس کا تفصیلی معائنہ کیا اور کیے گئے ٹیسٹوں کی روشنی میں دوبارہ آپریشن کرتے ہوئے اُس کے پیٹ سے دو لیٹر مواد (خون و پانی) نکالا گیا۔ ایم ایس پروفیسر ندرت سہیل کا کہنا تھا کہ مریضہ سدرہ افضل کی صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے انتہائی نگہداشت کی وارڈ میں منتقل کیا گیا جہاں اس کے ساتھ فیملی کی دو خواتین کو بھی دیکھ بھال کے لئے رہنے کی اجازت دی گئی۔ سدرہ افضل کی حالت بہتر ہونے پر اسے 20 ستمبر کو دوبارہ لیبر روم منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق یہ خاتون درحقیقت تیسری بچی کی پیدائش کے باعث افسردہ رہنے لگی تھی جہاں اُس نے گزشتہ روز انتہائی قدم اٹھاتے ہوئے کھڑکی سے چھلانگ لگادی۔ پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر نے یقین دلایا ہے کہ اس معاملے کی پولیس تفصیلی چھان بین کرے گی اور اُن حقائق کو ضرور سامنے لایا جائے گا جو اس افسوسناک واقعہ کے باعث بنے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ مریضہ سدرہ افضل کی پہلی دو بیٹیاں بھی بڑے آپریشن کے ذریعے ہی پیدا ہوئی تھیں اور یوں اسے بار بار علاج معالجے کا بھی سامنا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 49

کیا کہ یہ مجوزہ پیکج سعودی عرب کی موجودہ اور مستقبل کے خطرات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 50

حکام کے مطابق اسمگل شدہ پیٹرول کی فروخت کے کاروبار کو 95 فیصد تک شہر سے ختم کر دیا گیا ہے۔ جس دوران 240 مشینیں ضبط کی گئی ہیں اور 42 ڈبہ اسٹیشن جو کین میں ڈبہ رکھتے تھے ان کو بھی ضبط کیا گیا جب کہ 85 دکانوں کو سیل کیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق غیر قانونی پیٹرول فروخت کے 350 مقامات ختم کردیئے گئے ہیں تاہم اس کام کے مکمل خاتمے تک کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ شہریوں نے کہا کہ انتظامیہ کی جانب سے اس غیر قانونی کام کو روکنے میں بہت دیر کی گئی ہے تاہم اب اسے منطقی انجام تک پہنچانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 51

وایسوسی ایشن اس کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ انکا کہنا تھا کہ ٹینریز مینجمنٹ اور ایسوسی ایشن ٹینریز مالکان کو دے دی ہے۔ اب ٹینریز مالکان خود ٹریٹمنٹ پلانٹ لگائیں اور اس سلسلے میں تحریرا یقین دہانی دیں۔ انکا کہنا تھا کہ انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے کسی ایسے کاروبار کی اجازت نہیں دی جائیگی جس کی قیمت زندگی ہو۔ انسانی جان وصحت کی حفاظت کیلئے انتظامیہ ٹینریز مالکان کو بلاسود پانچ سال کیلئے قرضہ بھی دینے کو تیار ہے۔ سال۔ میڈیم اور لارج ٹینریز انفرادی یا مشترکہ کروم فری اور واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کے پابند ہیں۔ ٹینریز کا اخراج کردہ پانی انتہائی زہریلا اور سخت مضر صحت ہے۔ کمشنر لاہور نے اچانک دورے کے موقع پر ٹینری کے استعمال شدہ پانی کی ٹریٹمنٹ کے پلانٹ کو بھی چیک کیا اور اپنے سامنے لیب ٹیسٹ کرائے۔ 120 کروم استعمال کرنے والی ٹینریز کو ٹریٹمنٹ پلانٹ نہ لگانے پر سیل کردیا جائیگا۔

بقیہ بقیہ جات 52

پروجیکٹس کے بارے میں بات چیت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 53

موصول شکایات پر فوری کاروائی عمل میں لائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریس کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل افضل حیات تارڑ، اسسٹنٹ کمشنر گجرات حیدر عباس، اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں زوہیب ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر محمد اکمل سمیت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اس موقع پر موجود تھے ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ضلع بھر میں گرانفروشوں کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے، رواں ماہ کے دوران 312 گراں فروشوں کے چالان کرکے ان پر 9 لاکھ 49 ہزار جرمانہ عائد کیا گیا ہے جبکہ 6 گراں فروشوں کے خلاف مقدمہ درج کرکے حوالہ پولیس کیا گیا، اسی طرح ماہ اگست کے دوران 590 گراں فروشی کے مرتکب افراد پر 22 لاکھ 63 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ 5 افراد کے خلاف مقدمہ درج کروایا گیا، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے بتایا کہ ماہ ستمبر کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے مجموعی طور پر 4793 بازاروں، مارکیٹوں اور دکانوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ کی، اس دوران 312 دکاندار گراں فروشی، ریٹ لسٹیں آویزاں نہ کرنے کے مرتکب پائے گئے جبکہ مختلف علاقوں میں اشیائے ضروریہ غیر قانونی ذخیرہ کرنے والے 6 ناجائز منافع خور پکڑے گئے، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ کسی فرد کو گران فروشی وذخیرہ اندوزی کی اجازت نہیں دی جائے گی، مقررکردہ نرخوں سے زائد وصولی پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، بھاری جرمانہ اور مقدمات درج کروائے جائیں گے انہوں نے ہدایت کی کہ ہدایت کی کہ پرائس کنٹرول مجسٹریس باقاعدگی سے مارکیٹوں کا دورہ کریں مقررکردہ نرخوں پر اشیا خوردونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 54

حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹری ہیلتھ نے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ۔19 کے نتیجے میں کروڑوں لوگوں کو صحت کے حق سے محرومی کا سامنا کرنا پڑا۔ یونیورسل ہیلتھ ہماری قومی ترجیحات میں شامل ہے۔ قومی ہیلتھ سپورٹ پیکج 26۔2022 تشکیل دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نیشنل ہیلتھ ویژن 25۔2016 کے اہم اہداف میں شامل ہے۔ سیکرٹری ہیلتھ نے یونیورسل ہیلتھ کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ قومی ہیلتھ سپورٹ پیکج 26۔2022 تشکیل دے رہے ہیں۔ یونیورسل ہیلتھ کوریج کے حوالے سے اعلامیہ جاری کرنے کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ امید کرتا ہوں اس سے بین الاقوامی سطح قومی سطح اور علاقائی سطح پر یونیورسل ہیلتھ کوریج کے نفاذ میں مدد ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 55

جی ٹوئنٹی اجلاس میں براہ راست اٹھایا تھا۔ ایسے شواہد پیش کیے گئے تھے کہ کسی بھارتی اہلکار نے انکی تردید نہیں کی، قانونی کارروائی شروع ہوئی تو شواہد سامنے لائے جاسکتے ہیں، نریندر مودی براہ ملوث ہے یا نہیں، واضح نہیں کیا گیا۔ بھارت کی جانب سے تعاون سے گریز پر کینیڈین وزیراعظم کا کہنا ہے کہ قابل اعتماد وجوہات ہیں کہ بھارتی حکومت کے ایجنٹس کینیڈین شہری کے کینیڈا میں قتل میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یقینی بنائیں گے کہ کینیڈین نظام کا احترام کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 56

ٹروڈو نے کہا کہ اندرون ملک یا بیرون ملک کینیڈین شہریوں کی حفاظت کو انتہائی سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم مودی سے اپنے خدشات پر کھل کر بات کی تھی، بھارت اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت احتساب اور انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہم سے مل کر کام کرے۔

بقیہ بقیہ جات 57

پوسٹ کی گئی ایک ویڈیو کلپ میں دکھایا گیا ہے کہ وہ ایک شخص کے بستر کے کنارے پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس شخصیت کو پیارے انکل عبدالحمید وچ قدیروف کہا جاتا ہے۔ قدیروف ان کے ہاتھ اور سر کو چوم رہے ہیں۔ ایک پوسٹ کے بارے میں کہا گیا کہ قدیروف نے خود لکھا ہے کہ اللہ کا شکر ہے، میں زندہ اور صحت مند ہوں، میں بالکل نہیں سمجھتا کہ بیمار ہونے کے باوجود بھی ہنگامہ کیوں ہوتا ہے۔ چیچنیا کے صدر کے ترجمان نے ہفتے کے شروع میں ان کی بیماری کی اطلاعات پر تبصرہ کرنے کے لیے بار بار کی جانے والی کالوں کا جواب نہیں دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 58

چھلانگ لگا دی جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوگئی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ لڑکی زخمی حالت میں ہسپتال میں زیر علاج ہے، جہاں اسکی حالت نازک بتائی جاتی ہے، واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقامی پولیس نے بھی موقع پر پہنچ قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر فرید ظفر کے مطابق ابتدائی رپورٹ کے مطابق یہ خودکشی کی کوشش لگتی ہے۔ ڈاکٹر ندرت سہیل نے بتایا کہ مریضہ کا سی سیکشن ہوا تھا، گوشت کا ٹکڑا رہ گیا تھا جس کا آپریشن ہونا تھا۔ ڈاکٹر کے مطابق مریضہ کی حالت شویشناک ہے۔ 3 رکنی کمیٹی معاملے کی مزید تحقیقات کررہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

، کراچی سے آنیوالی تمام ریل گاڑیاں رائے ونڈ آکر خالی ہو جاتی ہیں رائے ونڈ سے لاہور جانیوالے مسافروں کے کرائے ریلوے کو خالی ٹرین کے تناظر میں اضافی بزنس کی شکل میں ملتے تھے جس کو ریلوے کے نکھٹو اور مسافر دشمن افسران نے بڑھا کر ریلوے مسافروں کو پبلک ٹرانسپورٹ کی طرف موڑ دیا ہے ذرائع کے مطابق چندراشی ریلوے افسران پرائیویٹ ٹرانسپورٹرز کی ملی بھگت سے کرائے بڑھا کر ریلوے کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچا رہے ہیں دشمن ملک بھارت میں عوام کو ریلوے سفر کے حوالے سے معیاری، سستا سفر سہولیات کیساتھ دے رہے ہیں جبکہ ریلوے ہیڈ کوارٹر لاہور میں بیٹھے بھاری بھر کم تنخواہیں لینے والے افسران محکمے کی ناؤ ڈبونے پر تلے ہوئے ہیں، بکنگ آفس ذرائع کے مطابق رائے ونڈ سے لاہور سفر کرنیوالے مسافروں کی یومیہ تعداد ایک ہزار سے زائد ہے جو روزانہ لاہور کا سفر کرتے تھے 17 اگست کو ریلوے حکام کے اقدام کے بعد مذکورہ مسافروں کی تعداد انتہائی کم رہ گئی ہے

بقیہ بقیہ جات 60

اگست میں دھاتوں کی درآمدات پر 326 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ سال اگست کے مقابلہ میں 6.22 فیصد کم ہے۔ گزشتہ سال اگست میں دھاتوں کی درآمدات پر 421 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا تھا۔ جولائی کے مقابلہ میں اگست میں دھاتوں کی درآمدات پر ماہانہ بنیادوں پر 3.0 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ جولائی میں دھاتوں کی درآمدات کا حجم 327 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو اگست میں کم ہو کر 326 ملین ڈالر ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 61

شروع ہوگیا ہے، آنکھوں کا سرخ ہوجانا اور ان سے پانی بہنا مرض کی بڑی علامات ہیں۔ عموی طور پر جب آنکھ کی باریک جھلی میں سوزش ہوجاتی ہے تو یہ آنکھ کے سفید حصے کو ڈھانپ لیتی ہے جس کے باعث جھلی کی سفید رنگت گلابی یا سرخ رنگ میں تبدیل ہو جاتی ہے، اسے آشوب چشم کی واضح علامت قرار دیا جاتا ہے۔ آشوب چشم وائرل ہو یا بیکٹیریل دونوں ہی صورتوں میں یہ وبائی ہونے کے باعث تیز رفتاری سے پھیلنے کی صلاحیت رکھتا ہے، تعلیمی اداروں میں بھی آشوب چشم کا تیز رفتار پھیلاؤ دیکھنے میں آرہا ہے۔ کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران شہر کے سرکاری ہسپتالوں میں آشوب چشم کے مریضوں کی تعداد میں 100 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

آر ایس ایس پوری دنیا میں سکھوں اور کشمیریوں کا قتلِ عام کر رہی ہے مشعال ملک

کینیڈا کے اندر سکھ فیملیز کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، آر ایس ایس کے لوگ کینیڈا کے اندر سکھ فیملیز کو ٹارگٹ کر رہے ہیں، معاون خصوصی

سکھ بہن بھائی بہت مشکل میں ہیں، میں ان کیساتھ ہوں، ہندوستان کی تنظیم آر ایس ایس ایک دہشت گرد تنظیم ہے، نگراں وزیرِ اعظم انوار الحق کاکڑ کی معاونِ خصوصی

ننکانہ صاحب (این این آئی) نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی معاونِ خصوصی مشعال ملک نے کہا ہے کہ اس وقت سکھ بہن بھائی بہت مشکل میں ہیں، میں ان کے ساتھ ہوں۔ ننکانہ صاحب میں نگراں وزیرِ اعظم انوار الحق کاکڑ کی معاونِ خصوصی مشعال ملک گوردوارہ جنم استھان پہنچیں، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بابا گورونانک نے امن کے لیے اپنی ساری زندگی وقف کر دی۔ مشعال ملک نے کہا کہ کینیڈا کے اندر سکھ فیملیز کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے، آر ایس ایس کے لوگ کینیڈا کے اندر سکھ فیملیز کو ٹارگٹ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آر ایس ایس کے لوگ ہندوستان میں کھلے عام اقلیتوں کا قتلِ عام کر رہے ہیں، خالصتان کے حامی سکھوں کو پوری دنیا میں ٹارگٹ کیا جا رہا ہے۔ نگراں وزیرِ اعظم انوار الحق کاکڑ کی معاونِ خصوصی نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں کشمیریوں کو ٹارچر کیا جا رہا ہے، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

لاہور: ایک بچہ ماڈل ٹاؤن پارک میں سائیکل کی سواری سے لطف اندوز ہو رہا ہے

بادشاہی مسجد میں خاتون بچوں کے ہمراہ سیلفی بنا رہی ہے

ملک محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا' شجاعت، زرداری ملاقات کی اندرونی کہانی

پیپلز پارٹی، (ن) کی حالیہ محاذ آرائی کو ختم ہونا چاہیے، نواز شریف سے بھی بات کروں گا' شجاعت

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین اور پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے سربراہ وسابق صدر آصف زرداری کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ ملاقات میں ملک میں جاری سیاسی اور معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں چوہدری شجاعت نے کہا کہ ملک محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا، ملکی صورتحال کی وجہ سے مل کر چلنے کی ضرورت ہے۔ ذرائع کے مطابق چوہدری شجاعت نے کہا کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)

مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 17 ارب روپے سے زائد فنڈز کی منظوری

چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ افتخار علی سہو کی زیر صدارت صوبائی ورکنگ پارٹی اجلاس میں فنڈز کی منظوری دی گئی

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2023-24 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اٹھارہویں اجلاس میں پرائمری اینڈ سکینڈری ہیلتھ کیئر سیکٹر کی 4 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 17 ارب 41 کروڑ 60 لاکھ 51 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ افتخار علی سہو نے کی۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

ریلوے کا آمدن بڑھانے کیلئے کراچی تا پیری فریٹ کوریڈور بنانے کا فیصلہ

ریلوے کے تمام ہسپتال مرحلہ وار عام عوام کے لیے کھولنے کا بھی فیصلہ' نگران وزیر شاہد اشرف تارڑ کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (جنرل رپورٹر) نگران وزیر ریلوے شاہد اشرف تارڑ نے ریلوے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کر کے اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر ریلوے افسران کی جانب سے وزیر ریلوے کو کراچی تا پپری فریٹ کوریڈور منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دی جبکہ منصوبے کے مختلف آپشنز اور تکنیکی پہلوؤں پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں اکتوبر میں بڈنگ کا عمل مکمل کرنے اور 31 دسمبر تک معاہدے کو حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر ریلوے کو مال گاڑیوں سے آمدن بڑھانے کا بزنس پلان پیش کیا گیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)

لیسکو میں بجلی چوروں کے خلاف 16 ویں روز بھی آپریشن جاری رہا

،618 کنکشنز بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 22 ملزمان گرفتار

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف 16 ویں روز بھی آپریشن جاری رہا، تمام سرکلز میں 618 کنکشنز بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 616 بجلی چوروں کے خلاف ایف آئی آرز کی درخواستیں متعلقہ تھانوں میں دائر کر دی گئیں جن میں سے 239 ایف آئی آرز رجسٹرڈ کر لی گئیں جبکہ 22 ملزمان کو گرفتار بھی کیا گیا ہے۔ لیسکو ترجمان کے مطابق پکڑے جانے والے کنکشنز میں انڈسٹریل 1، زرعی 3، کمرشل 18 اور 596 ڈومیسٹک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

لاہور: تاریخی بادشاہی مسجد سے شاہی قلعہ کا خوبصورت منظر

کمشنر لاہور و پریذیڈنٹ بورڈ آف گورنرز ڈی پی ایس محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور و پریذیڈنٹ بورڈ آف گورنرز ڈی پی ایس محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ ڈی پی ایس کے نئے پرنسپل کی تعیناتی کی جا رہی ہے۔ پراسیس جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی پی ایس ماڈل ٹاؤن پرنسپل کیلئے تنخواہ کو مارکیٹ کے مطابق بڑھا دیا گیا ہے۔ ڈی پی ایس سکول کو جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)

انسداد دہشتگردی عدالت، جڑانوالہ میں جلاؤ گھیراؤ کے مقدمہ کا ریکارڈ پیش نہ کرنے پر تفتیشی افسر کو شوکاز نوٹس جاری

مکوآنہ (جنرل رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے تھانہ سٹی جڑانوالہ میں جلاؤ گھیراؤ کے مقدمہ کا ریکارڈ پیش نہ کرنے پر تفتیشی افسر کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی کی عدالت میں تھانہ سٹی جڑانوالہ کے علاقہ میں مذہبی مقامات کے جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے مقدمہ کی سماعت ہوئی جس میں تفتیشی افسر انسپکٹر عارف حسین کی طرف سے عدالت میں ریکارڈ پیش نہ کیا گیا جس کی بنا پر انسداد دہشت گردی کی عدالت کے سپیشل جج محمد حسین نے ریکارڈ پیش نہ کرنے پر تفتیشی آفیسر کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا ہے۔

سیمنٹ کی برآمدات میں مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 130.24 فیصد اضافہ ہوا، ادارہ شماریات

مکوآنہ (جنرل رپورٹر) ملک سے سیمنٹ کی برآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 24.130 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے مطابق جولائی اور اگست میں سیمنٹ کی برآمدات کا حجم 641.39 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 21.17 ملین ڈالر تھا۔ مقداری لحاظ سے سیمنٹ کی برآمدات میں مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 198 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی۔ جولائی اور اگست میں سیمنٹ کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

پنجاب میں 24 گھنٹے کے دوران 121 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق

لاہور 41 مریضوں کے ساتھ سرفہرست، راولپنڈی میں 29، ملتان میں 28 مریض سامنے آئے

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران 121 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق لاہور میں 41، راولپنڈی میں 29، ملتان میں 28، فیصل آباد میں 5، گوجرانوالہ میں 5، شیخوپورہ میں 3، منڈی بہاوالدین میں 2 جبکہ مظفرگڑھ، ساہیوال، رحیم یار خان، بہاولنگر، چکوال، پاکپتن، خانیوال اور وہاڑی میں ڈینگی کا ایک ایک نیا مریض سامنے آیا۔ سیکرٹری صحت کے مطابق پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 113 مریض زیر علاج ہیں۔

کرتار پور: نگران وفاقی وزیر ہیومن رائٹس خلیل جارج تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گھی اور تیل کی قیمتوں سے متعلق بڑی خبر آ گئی

مکوآنہ (جنرل رپورٹر) گھی اور تیل کی قیمتوں سے متعلق بڑی خبر آ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گراں فروشوں نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے نام پر سرکاری نرخ سے زائد قیمتوں پر اشیائے خورد و نوش فروخت کرنا شروع کر دی ہیں۔ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

نبی اکرم کا یوم ولادت اہل ایمان کیلئے خوشیوں کا پیامبر ہے' سنی علما کونسل

آقائے دوجہاں نبی کریمؐ کی آمد سے فسق وفجور کے بت پاش پاش ہوگئے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ آقائے دو جہاں نبی آخرالزماں ﷺ کی آمد سے فسق وفجور کے بت پاش پاش ہوگئے، آقاؐ کی ذات باعث تخلیق کائنات ہے زندگی کے ہر شعبے میں آپکی سیرت مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے، آقائے دو جہاں نبی کریمؐ کی آمد سے فسق و فجور کے بت پاش پاش ہو گئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنی علماء کونسل لاہور کے زیر اہتمام سیرت النبی ﷺ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مولانا احمد سعید صدیقی، مولانا غلام مصطفی معاویہ، مولانا غلام یاسین، مولانا امیر حمزہ، مولانا عزیر، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

پشاور، بس ٹائر پھٹنے کے سبب حادثے کا شکار، تین مسافر جاں بحق

پشاور (این این آئی) پشاور سے لاہور جانیوالی بس سرگودھا میں بس ٹائر پھٹنے کے سبب حادثے کا شکار، تین مسافر جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق حادثہ موٹروے کوٹ مومن انٹرچینج کیقریب پیش آیا جب ٹائر پھٹنے سے مسافر بس الٹ گئی۔ حادثے میں 15 مسافر زخمی ہوئے ہیں جبکہ پانچ کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی کی روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

نیویارک (این این آئی) وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے نیویارک میں ملاقات کی۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی مشن کے مطابق دونوں وزرا خارجہ کے درمیان یہ ملاقات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس کے موقع پر اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں ہوئی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے حوالے سے نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر تصویر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف درخواست، فریقین سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف درخواست پر فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ عدالت عالیہ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کی جانب سے استدعا کی گئی ہے کہ عدالت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کو کالعدم قرار دے۔ لاہور ہائی کورٹ نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے ان سے جواب طلب کر لیا۔

گندھارا کوریڈور مذہبی ہم آہنگی اور ثقافتی سفارتکاری کیلئے اہم سنگ میل ہے

ڈاکٹر رمیش کمار سے جاپانی اور قطری سیاحوں کی ملاقات، گندھارا آرٹ میں خصوصی دلچسپی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے گندھارا سیاحت کے چیئرمین وزیر مملکت ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی سے ملاقات میں پاکستان کی سیاحت پر آئے جاپانی یوٹیوبر اور قطر کے سیاح نے گندھارا کوریڈور کے مجوزہ منصوبے کو ثقافتی اور سیاحتی سفارتکاری کیلئے اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ڈاکٹر رمیش کمار نے غیر ملکی سیاحوں کے وفد کو اسلام آباد میوزیم آمد پر خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں گندھارا آثار قدیمہ پوری دنیا کا مشترکہ ورلڈ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر31)

نبی کریمؐ پوری انسانیت کیلئے ہدایت کا سرچشمہ ہیں' متحدہ علماء کونسل

رحمت عالم پیغمبر اسلام ﷺ کی ذاتِ مبارکہ ہی پوری انسانیت کیلئے کامل نمونہ اور مکمل رہنماء ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک محمد سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ نبی کریمؐ پوری انسانیت کیلئے ہدایت کا سرچشمہ ہیں، رحمت عالم پیغمبر اسلام ﷺ کی ذاتِ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

نواز شریف کی وطن واپسی کا اعلان کچھ حلقوں پر بجلی بن کر گرا' سلیم رضا

پوری قوم بالخصوص پاکستان کا نوجوان قائد نواز شریف سے اپنی امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ نواز شریف کی وطن واپسی کا اعلان کچھ حلقوں پر بجلی بن کر گرا، نواز شریف کو اقتدار سے ہٹا کر بدلہ پاکستان سے لیا گیا، تمام ذمہ داران کٹہرے میں ہونے چاہئیں، پوری قوم بالخصوص پاکستان کا نوجوان قائد میاں نواز شریف سے اپنے امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ نواز شریف کو بھی اقامہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)

کمشنر لاہور کی بڑے بجلی چور مگرمچھوں کے لئے گھیرا مزید تنگ کرنے کی ہدایت

بڑے بجلی چوروں کی مختلف محکموں میں موجود فائلوں پر کاشن سائن لگائے جائیں' محمد علی رندھاوا

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا نے بڑے بجلی چور مگرمچھوں کے لئے گھیرا مزید تنگ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بڑے بجلی چوروں کی مختلف محکموں میں موجود فائلوں پر کاشن سائن لگائے جائیں۔ کمشنر لاہور کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ لیسکو نے عام صارفین شہریوں کیلئے شکایات ازالہ ایس او پی ز کو بہتر کیا ہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ جن علاقوں میں ایف آئی آرز کے مطابق گرفتاریاں ہوئیں۔ وہاں ریکوری بھی بہتر رہی ہے۔ کمشنر لاہور نے غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹیز کو محکموں کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

ڈپٹی کمشنر ملتان کو او ایس ڈی بنا دیا گیا، فیضان احمد کو ذمہ داری سونپ دی گئی

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب حکومت نے ایک افسر کا تبادلہ جبکہ ایک کو اضافی ذمہ داری سونپ دی۔ ڈپٹی کمشنر ملتان عمر جہانگیر کو تبدیل کر کے او ایس ڈی جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ملتان فیضان احمد ریاض کو ڈپٹی کمشنر ملتان کی اضافی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے باضابطہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

پنجاب بھر میں 1202 ٹریفک حادثات میں 14 افراد جاں بحق، 1253 زخمی

لاہور (جنرل رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1202 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 651 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 602 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

پنجاب حکومت نے سی ٹی ڈی ٹیکنیکل کیڈر پوسٹوں کی اپ گریڈیشن کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب حکومت نے سی ٹی ڈی ٹیکنیکل کیڈر پوسٹوں کی اپ گریڈیشن کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی خصوصی کاوش سے 190 سی ٹی ڈی افسران کے پے سکیل اپ گریڈ کر دیئے گئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سپروائزر کی 40 آسامیوں کو گریڈ 9 سے گریڈ 14 میں، جونیئر کمپیوٹر آپریٹرز کی 80 آسامیاں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

اسلام پورہ کی حدود سے سیف سٹی کا لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری

لاہور (جنرل رپورٹر) اسلام پورہ کی حدود سے سیف سٹی کا لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم چوروں نے ایم اے او کالج کے قریب ٹریفک سگنل کا پاور بکس توڑ کر واردات کی اور 49 لاکھ 81 ہزار روپے کا سامان چوری کر لیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ درج کر کے کلوز سرکٹ فوٹیجز کی مدد سے تفتیش (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

لاہور: مقامی ہوٹل میں منعقدہ نمائش میں ایک لڑکی سٹال پر ڈیکوریشن پیس دیکھ رہی ہے

موسم برسات کے باعث خطرناک مچھروں کی بھرمار ہوگئی

ڈسکہ شہر اور گردونواح کے دیہاتوں میں موسم گرما کی آمد اور موسم برسات کے آغاز کے ساتھ ہی خطرناک مچھروں، مکھیوں نے حملے شروع کر دیئے

لوڈشیڈنگ اور ٹرپنگ کی وجہ سے لوگوں کی نیندیں پہلے ہی حرام ہوچکی ہیں اور اوپر سے مچھروں کی وجہ سے بیماریاں پھیلنے کا خدشہ لاحق ہوچکا ہے

لاہور؛ ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) موسم برسات کے باعث خطرناک مچھروں کی بھرمار ہوگئی، انتظامیہ کی طرف سے مچھر مار سپرے نہ ہوا، ڈینگی اور ملیریا جیسی خطرناک بیماریاں پھیلنے کا خدشہ پیدا، تفصیلات کے مطابق لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں اور دیہاتوں میں موسم گرما کی آمد اور موسم برسات کے آغاز کے ساتھ ہی خطرناک مچھروں، مکھیوں نے حملے شروع کر دیئے جس کے باعث ان علاقوں میں ڈینگی اور ملیریا جیسی خطرناک بیماریاں پھیلنے کا خدشہ زیادہ ہے اور علاقہ مکین پریشان دکھائی دیتے ہیں، لوڈشیڈنگ اور ٹرپنگ کی وجہ سے لوگوں کی نیندیں پہلے ہی حرام ہوچکی ہیں اور اوپر سے مچھروں کی وجہ سے بیماریاں پھیلنے کا خدشہ لاحق ہو چکا ہے، سرکاری اور پرائیویٹ ہسپتالوں میں مریضوں کی لمبی قطاریں لگی ہوتی ہیں، لیکن مقامی انتظامیہ شہر اور گردونواح میں صفائی کے معقول انتظامات کر سکی اور نہ ہی علاقہ میں مکھیوں مچھروں کو تلف کرنے کے لئے کوئی سپرے وغیرہ کروایا جس کی وجہ سے ڈینگی پھیلنے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے

لاہور: تاریخی شالامار باغ کی دیوار کے ساتھ غیر قانونی طور پر قائم پارکنگ سٹینڈ پیدل چلنے والوں کے لئے مشکلات بن رہا ہے

لاہور: ایک موٹر سائیکل سوار نوجوان سلنڈر میں گیس فلنگ کرانے کیلئے جا رہا ہے

انتظامیہ کی غفلت، پیٹرول پمپوں کی ہیرا پھیری جاری شہری لٹنے لگے

سیالکوٹ، ڈسکہ، پسرور، سمبڑیال اور گردونواح میں پمپ مالکان نے پٹرول اور ڈیزل میں ملاوٹ اور پیمانوں میں کمی کو معمول بنا لیا ہے

ملاوٹ شدہ ناقص پٹرول اور ڈیزل کے استعمال سے ٹریکٹرز، بسوں اور ویگینوں، کاروں اور موٹر سائیکلوں کے انجن ناکارہ ہونے لگے

سیالکوٹ (سٹی رپورٹر) سیالکوٹ اور گردونواح میں پٹرول اور ڈیزل میں ملاوٹ، پیمانوں میں کمی معمول بن گئی، ناقص تیل کی وجہ سے شہریوں کی گاڑیاں کھٹارہ ہونے لگیں، انتظامیہ، سول ڈیفنس کا عملہ خاموش تماشائی بن گیا، تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ، ڈسکہ، پسرور، سمبڑیال اور گردونواح میں پمپ مالکان نے پٹرول اور ڈیزل میں ملاوٹ اور پیمانوں میں کمی کو معمول بنا لیا ہے۔ ملاوٹ شدہ ناقص پٹرول اور ڈیزل کے استعمال سے ٹریکٹرز، بسوں اور ویگینوں، کاروں اور موٹرسائیکلوں کے انجن ناکارہ ہونے لگے اور گاڑیاں کھٹارہ ہو رہی ہیں۔ گاڑیاں سے نکلنے والے دھوئیں سے فضائی آلودگی بڑھ رہی ہے۔ مالکان کو لاکھ روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے انتظامیہ اور سول ڈیفنس سے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

لاہور: مسلم لیگ ن کے نائب صدر وسابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے امریکی قونصل جنرل ملاقات کر رہی ہیں

بھارت سکھ رہنما کے قتل کی تحقیقات میں تعاون کرے، کینیڈین وزیر اعظم

کینیڈا بھارت کو اشتعال نہیں دلا رہا نہ مسائل پیدا کر رہا ہے، یہ معاملہ قانون کی حکمرانی کا ہے، گفتگو

نیویارک (این این آئی) کینیڈا کے وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ سکھ رہنما کے قتل کی تحقیقات میں تعاون کرے۔ نیویارک میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم ٹروڈو نے کہا کہ کینیڈا بھارت کو اشتعال نہیں دلا رہا نہ مسائل پیدا کر رہا ہے، یہ معاملہ قانون کی حکمرانی کا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سکھ علیحدگی پسند رہنما کا قتل سنگین معاملہ ہے، اس معاملے کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے اور ہم یہی کر رہے ہیں، انصاف کی کارروائی کو آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈا میں انصاف کا سخت اور آزاد نظام موجود ہے، یقینی بنائیں گے کہ کینیڈین نظام کا احترام کیا جائے۔ وزیر اعظم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر56)

امریکا، کینیڈا کی مودی سرکار کو تعاون کرنے کی سخت وارننگ

قانونی کارروائی شروع ہوئی تو شواہد سامنے لائے جا سکتے ہیں، کینیڈین میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) ہردیپ سنگھ نجر قتل کیس میں بھارت کے ملوث ہونے کے ٹھوس شواہد موجود ہونے کے بعد امریکا اور کینیڈا نے مودی سرکار کو تعاون کرنے کی سخت وارننگ بھی کر دی۔ کینیڈین میڈیا کے مطابق خالصتان تحریک کے رہنما ہردیپ سنگھ نجر کو قتل کرنے میں بھارتی شہریوں کے ملوث ہونے کی نہ صرف انسانی بلکہ سگنل انٹیلی جنس بھی موجود ہے۔ جو بات چیت نوٹ کی گئی اس میں نہ صرف بھارتی افسر بلکہ کینیڈا میں موجود بھارتی سفارتکار بھی ملوث تھے۔ نریندر مودی سے یہ معاملہ نہ صرف کینیڈین وزیر اعظم بلکہ امریکا کے صدر جو بائیڈن، برطانیہ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کے سربراہوں نے بھی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)

لاہور: لوہا مارکیٹ میں محنت کش کام میں مصروف ہے

قومی ہیلتھ سپورٹ پیکج 2022-26 تشکیل دے رہے ہیں، افتخار علی شلوانی

نیویارک (جنرل رپورٹر) وفاقی سیکرٹری ہیلتھ افتخار علی شلوانی نے کہا ہے کہ کووڈ-19 کے نتیجے میں کروڑوں لوگوں کو صحت کے حق سے محرومی کا سامنا کرنا پڑا، قومی ہیلتھ سپورٹ پیکج 2022-26 تشکیل دے رہے ہیں۔ وہ نیویارک اقوام متحدہ ہیڈکوارٹر میں یونیورسل ہیلتھ کوریج کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر54)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

فیصل آباد، سول ڈیفنس کا اسمگل شدہ پیٹرول کی فروخت روکنے کریک ڈاؤن، 240 منی پیٹرول پمپس ختم کر دیئے

فیصل آباد (این این آئی) سول ڈیفنس نے شہر میں اسمگل شدہ پیٹرول کی فروخت روکنے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 240 منی پیٹرول پمپس ختم کر دیئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سول ڈیفنس کی جانب سے کریک ڈاؤن کے دوران پیٹرول کی غیر قانونی فروخت 95 فیصد تک ختم کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ سول ڈیفنس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر50)

کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کا ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی اور ڈی پی او طارق عزیز سندھو کے ہمراہ ٹینریز کا اچانک دورہ

قصور (این این آئی) کمشنر لاہور ڈویژن محمد علی رندھاوا کا ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی اور ڈی پی او طارق عزیز سندھو کے ہمراہ چمڑے کے کارخانوں (ٹینریز) کا اچانک دورہ۔ ٹینریز کو کروم فری پلانٹس اور واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کے حوالے سے چیک کیا۔ اس موقع پر کمشنر لاہور ڈویژن نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ٹینریز کا زہریلا پانی بغیر ٹریٹمنٹ کے فیکٹری سے باہر نہ نکلے۔ ٹینریز مالکان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر51)

یاردم ایلی ترکی کے چیئرمین ڈاکٹر صادق دانشمند (آج) میٹ دی پریس سے خطاب کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) قدرتی اور ناگہانی آفات کے دوران فلاحی خدمات سر انجام دینے والی ترکی اور پاکستان کی فلاحی تنظیم یاردم ایلی ترکی کے چیئرمین، ڈاکٹر صادق دانشمند اور جنرل مینیجر مسٹر بیری بولن (آج) ہفتہ 23 ستمبر کو ساڑھے پانچ بجے شام نیشنل پریس کلب اسلام اباد کے پروگرام میٹ دی پریس میں مہمانِ خصوصی ہوں گے، یاردم ایلی پاکستان کے چیئرمین محمد فہیم انور کے مطابق ڈاکٹر صادق دانشمند پاکستان سمیت دنیا بھر میں 31 ممالک میں جاری یاردم ایلی کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

جنرل ہسپتال میں مریضہ کا کھڑکی سے کودنے کا واقعہ، پرنسپل نے 5 رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دیدی

شدید زخمی خاتون نیوروانسٹی ٹیوٹ میں داخل، 22 سالہ سدرہ 18 ستمبر کو قصور کے نجی ہسپتال سے لائی گئی

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال میں جمعتہ المبارک کی صبح گائنی وارڈ میں ایک خاتون سدرہ افضل کے کھڑکی سے چھلانگ لگانے کے افسوسناک واقعہ کا پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے فوری نوٹس لے لیا ہے اور اس معاملے کی چھان بین اور حقائق کو سامنے لانے کے لئے پروفیسر آف یورالوجی پروفیسر خضر حیات گوندل کی سربراہی میں 5 رکنی کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے جس میں ڈاکٹر محمد کریم اللہ، ڈاکٹر اعجاز حسین ود، ڈاکٹر شبنم محمد علی اور ڈاکٹر سید جعفر حسین شاہ بطور ممبران شامل ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق 22 سالہ سدرہ افضل کے ہاں ضلع قصور کے نجی ہسپتال میں بڑے آپریشن (سی سیکشن) سے تیسری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)

امریکا کی بھارت پر الزامات کے معاملے پر کینیڈا سے کشیدگی کی تردید

امریکی تشویش کے باوجود امریکا اور کینیڈا کے درمیان اس معاملے پر کوئی کشیدگی نہیں ہے، جیک سلیوان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کے قتل کا الزام بھارت پر لگانے کے معاملے پر کینیڈا کے ساتھ کسی بھی کشیدگی کی تردید کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا کے قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان نے واضح کیا کہ بھارت پر کینیڈا کے سنگین الزامات پر تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی تشویش کے باوجود امریکا اور کینیڈا کے درمیان اس معاملے پر کوئی کشیدگی نہیں ہے۔ واضح رہے کہ کینیڈا کے وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس ٹھوس ثبوت موجود ہیں کہ بھارت کے ایجنٹ کینیڈا کی سرزمین پر ایک کینیڈین کے قتل میں ملوث ہیں۔

امریکا کی سعودی عرب کے ساتھ 500 ملین ڈالر کے ہتھیاروں کے معاہدے کی منظوری

مجوزہ فروخت امریکا کی خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے اہداف کی حمایت کرے گی، پینٹا گون ایجنسی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ڈیفنس سکیورٹی اینڈ کوآپریشن ایجنسی نے سعودی عرب کو 500 ملین ڈالر کے ممکنہ فوجی ہتھیاروں کے پیکج کی منظوری کا اعلان کیا ہے جس کی تفصیلات کانگریس کو بھیجی جا رہی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پینٹا گون ایجنسی نے ایک بیان میں کہا کہ یہ مجوزہ فروخت امریکا کی خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے اہداف کی حمایت کرے گی۔ انہوں نے اشارہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)

لاہور: ایک محنت کش گھریلو استعمال کی مختلف اشیا فروخت کر رہا ہے

قدیروف زندہ اور خیریت سے ہیں، چیچن لیڈر کے سوشل میڈیا چینل کی وضاحت

قدیروف چچا عبدالحمید ووچ کے بستر کے کنارے بیٹھے ان کا ہاتھ اور سر چوم رہے ہیں، ویڈیو کلپ جاری

گروزنی (این این آئی) چیچنیا کے صدر رمضان قدیروف کے آفیشل سوشل میڈیا چینل نے ایک ویڈیو کلپ دکھایا جس میں قدیروف دکھائی دے رہے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے ان رپورٹس کی تردید کر دی جن میں قدیروف کی صحت کی بگڑتی ہوئی نشاندہی کی گئی تھی۔ قدیروف روسی صدر پوتین کے قریبی اتحادی ہیں۔ کریملن سے اس ہفتے ان اطلاعات کے بارے میں پوچھا گیا کہ 46 سالہ قدیروف کا ماسکو کے ایک ہسپتال میں علاج ہو رہا ہے تو ترجمان نے کہا تھا کہ انہیں اس معاملے کی کوئی اطلاع نہیں۔ اب ٹیلی گرام میسجنگ ایپ پر قدیروف کے چینل کی طرف سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

جنرل ہسپتال لاہور کی چھت سے مریضہ نے مبینہ طور پر چھلانگ لگا دی، حالت تشویشناک

22 سالہ سدرہ قصور کی رہائشی، گائنی وارڈ میں زیر علاج تھی، معاملے کی تحقیقات کے لیے 3 رکنی کمیٹی تشکیل

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال لاہور کی چھت سے 22 سالہ لڑکی نے مبینہ طور پر چھلانگ لگا دی جس کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے، معاملے کی تحقیقات کے لیے 3 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق قصور کی رہائشی 22 سالہ سدرہ نامی مریضہ نے چھت سے چھلانگ لگا کر خودکشی کی کوشش کی، پانچ روز سے گائنی وارڈ میں داخل تھی، سدرہ نے پہلی منزل کے واش روم سے نیچے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر58)

رائے ونڈ تا لاہور ٹرین کا کرایہ 500 روپے ہونے پر ریلوے اسٹیشن ویران

مسافروں نے متبادل ذرائع آمدورفت استعمال کرنا شروع کر دیئے

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ تا لاہور ٹرین کا کرایہ 500 روپے ہونے پر ریلوے اسٹیشن ویران، ہزاروں مسافر نے متبادل ذرائع آمدورفت استعمال کرنا شروع کر دیئے، ریلوے کو ملنے والا کروڑوں روپے اضافی بزنس ضائع ہونے لگا۔ تفصیلات کے مطابق ریلوے حکام نے 17 اگست سے ملک بھر میں چلنے والی ریل گاڑیوں کے کرایوں میں اضافہ کر دیا تھا، بعدازاں 19 ستمبر کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد شارٹ روٹ پر کرایوں میں اضافہ نہیں کیا گیا تھا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر59)

لاہور: پاکستان مسیحا ملت پارٹی کے سربراہ اسلم پرویز سہوترا پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دھاتوں کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 22 فیصد کمی

مکوآنہ (این این آئی) دھاتوں کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 22 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی اور اگست میں دھاتوں کی درآمدات پر 653 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 22 فیصد کم ہے۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں دھاتوں کی درآمدات کا حجم 836 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)

پاکستان کے تیسرے بڑے شہر فیصل آباد میں آشوب چشم کا مرض تیزی سے پھیلنے لگا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے تیسرے بڑے شہر فیصل آباد میں آشوب چشم کا مرض تیزی سے پھیلنے لگا ہے، ایک ہفتے کے دوران فیصل آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کی تعداد میں 100 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق موسم برسات کے بعد جہاں ڈینگی کے مرض نے اپنے پر پھیلانا شروع کر رکھے ہیں تو وہیں آشوب چشم کا مرض بھی تیزی سے پھیلنا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر61)

سرگودھا، نجی کمپنی کی مسافر بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، چار مسافر جاں بحق 21 زخمی

سرگودھا (این این آئی) قومی شاہراہ موٹروے پر سرگودھا کے قریب بس الٹ جانے کے حادثہ کے بعد نجی کمپنی کی مسافر بس میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کی اطلاع پر تمام مسافروں کو باحفاظت نکال کر بروقت ریسکیو آپریشن میں آگ پر قابو پا لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق قومی شاہراہ موٹروے پر جوہر آباد سے لاہور جانے والی مسافر بس کو سرگودھا کے علاقہ کوٹ مومن کے قریب اچانک آگ لگ گئی جس کی اطلاع پر بس سے تمام مسافروں کو بس سے نکال کر ریسکیو آپریشن میں آگ پر قابو پا لیا گیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ شام اسی علاقہ ایم ٹو پر ٹائر برسٹ ہونے سے مسافر بس کے الٹ جانے کے حادثہ میں چار مسافر جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گے جن میں 21 مسافر سرگودھا ہسپتال میں زیر علاج ہیں